اسی کے خواص میں سے ہے جو شخص ایسا سیب لے جس کی ایک طرف سرخ اور دوسری طرف زرد ہو اور اُس پر جمعہ یا اتوار کے دن کی پہلی یا آٹھویں ساعت میں اپنی تھوک کے ساتھ مزوجات لکھے۔ اُس پر قسط اور صندل کے ساتھ دھونی دے۔ پھر اُسے زرد رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر اُسے دے جسے وہ چاہتا ہے۔ وہ جب بھی اسے سونگھے گا اس سے بہت محبت کرے گا اور اس کا مطیع ہو جائے گا۔

انہی خواص میں سے ہے کہ جو اُسے چھری پر بیس دفعہ پڑھے اور اس چھری سے گوشت یا پھل کاٹے تو جو بھی اُسے کھائے گا اُس سے محبت کرے گا اور اُس کی جدائی برداشت نہیں کرے گا۔

جو شخص اُسے برتن میں بیس (۲۰) دفعہ لکھے پھر اُسی پر اُسے ۳۰۰ مرتبہ پڑھے۔ اُسے ... مطلوب کے کھانے پینے کی کسی چیز پر ایسا عمل کرے تو مطلوب اُس سے قطعی محبت کرے گا۔

انہی خواص میں سے ہے کہ جو اُسے مٹکے پر جس میں پانی ہو ہیں دفعہ پڑھے تو جو اس سے پانی پیے گا وہ اُس سے محبت کرے گا۔

جو شخص اپنے منہ کو اپنی بیوی کے منہ پر رکھ کر انہیں بیس دفعہ پڑھے پھر اپنی زبان بیوی کے منہ میں رکھ دے تو وہ اس سے بہت زیادہ محبت کرے گی۔

انہی خواص میں سے ہے کہ جو شخص انہیں اپنی داہنی ہتھیلی پر گلاب کے عرق کے ساتھ سات دفعہ لکھے اور انہیں ۴۰۰ دفعہ پڑھے پھر وہ جس کی طرف توجہ کرے گا اور اپنی ہتھیلی کے ساتھ اُسے مس کرے گا تو وہ اُس کی پیروی کرے گا اور اُس سے محبت کرے گا۔

انہیں خواص میں سے ہے کہ جو انہیں مرسین (مہندی کی طرح پودا ہے) کے پتے پر لکھے اور اُس پر تقریباً بیس دفعہ پڑھے۔ پھر پتے کو خشک کرتے اور باریک پیسنے کے بعد اُسے اُس شخص کے کھانے میں رکھے جسے وہ چاہتا ہے تو وہ اُس سے شدید محبت کرے گا۔

زوجین کے درمیان محبت کے لئے ہے

بندق درخت کا پھل یا بادام لو۔ اُس کے دونوں اطراف مزدجات لکھو اور باریک چھوٹا کاغذ لو اُس پر طالب اور مطلوب کے نام آمنے سامنے اس طرح لکھو۔ [illegible] پھر اسے پھل یا بادام کے دونوں اطراف کے درمیان اُن پر سفید ریشم کی بتی لف کرو۔ اُن پر مزدجات ۴۰۰ دفعہ بادی اور وود ۴۰۰ دفعہ پڑھو۔ پھر انہیں حرز (تعویذ) میں رکھو طالب اسے اپنے پاس رکھے۔ مطلوب طالب سے جدا نہیں ہوگا اور اُس سے بہت زیادہ محبت کرے گا۔

انسان حیوان اور درخت سے اسقاط حمل وپھل کے روکنے کے لئے

تم ہرن کے چمڑے پر مزدجات چاروں خانوں میں لکھو۔ اُس پر سورت یٰسین بیس دفعہ پڑھو پھر اسے انسان حیوان اور درخت پر معلق کر دے بے شک اُسے اسقاط نہیں ہوگا۔ انسان وحیوان کا حمل برقرار رہے گا اس طرح درخت کا پھل بھی نہیں گرے گا یہاں تک کہ

اللہ تعالیٰ کے حکم سے حمل کی مدت پوری ہو جائے گی۔

چوروں ڈاکوؤں سے امن اور حفاظت کے لئے ہے

جب تم جنگل یا راستے میں ہو جہاں ڈر لگتا ہے۔ زمین میں دو دائرے کھینچو اس طرح کہ ایک دوسرے دائرے میں داخل ہو۔ تم چھوٹے میں مزوجات لکھو اس کے چاروں اطراف اور درمیان میں ہر حرف ہو۔ ہر حرف کے لکھنے کے وقت تم کہو:

﴿وله الحق وله الملک﴾

پھر تم دائرے کے درمیان بیٹھ جاؤ۔ چور تمہارے پاس نزدیک سے گزریں گے تمہیں نہیں دیکھ سکیں گے۔ تمہیں کسی چیز کا نقصان نہیں پہنچا سکیں گے اور تم سے بہت دور ہو جائیں گے۔

ایسی لڑکی عورت کی شادی کے لئے ہے

جس کی شادی نہ ہو رہی ہو

تم مربع وفق میں حرفی مزوجات لکھو۔ اس کے ارد گرد:

﴿وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ﴾

ترجمہ:

"اور ہم نے ہر شے جوڑا جوڑا پیدا کی۔"

بیس دفعہ لکھو۔ پھر اسی کو اس پر ۴۰۰ دفعہ پڑھو۔

عود لبان ذکر اور صندل کے ساتھ دھونی دو۔ ہر سو کے بعد تم کہو:

﴿اَللّٰهُمَّ ابْعَثْ لِفُلَانَةٍ بَعْلاً صَالِحاً مِنْ فَضْلِكَ وَجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ﴾

ترجمہ:

"اے اللہ اپنے فضل، جود اور کرم سے فلانہ عورت کے لئے نیک شوہر بھیج اے ارحم الراحمین۔"

اسے اُس لڑکی ' عورت پر معلق کردے۔ بے شک اللہ تعالیٰ کے حکم سے اُس کی جلدی شادی ہوگی۔ مربع وفق کے بنانے کا طریقہ اس طرح ہے اس کی بنیاد تمیس ہو۔ اُس میں آفات سے حفاظت ' تکلیف ونقصان کے دفع کرنے ' نفرت والے دلوں کے درمیان الفت پیدا کرنے ' سینے کے کھولنے ' تکلیفوں کے دور کرنے ' عزت وقبولیت ' مرتبے ' امیر ' نواب ' حاکم کے پاس بات منوانے وغیرہ کے لئے کثیر خواص ہیں۔ اس کی کتابت کا وقت جمعرات کے دن پہلی یا آٹھویں ساعت ہے۔

یہ مربع وفق ہے:

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بہتر یہ ہے کہ اُس وقت قمر اپنے شرف میں ہو۔ جو اُسے رانگ کی لوح پر لکھے جس کا وزن چار درہم ہو۔ وہ اس پر پانچ قلاقل (سورت جن سورت الکافرون سورت اخلاص اور معوذتین) چونتیس (۳۴) دفعہ پڑھے اور اُسے مرگی والے کے اوپر معلق کرے تو اسے افاقہ ہو گا۔ اگر اُسے بچے پر معلق کرے تو وہ ٹھیک ہو جائے گا اور اُس سے تکلیف زائل ہو جائے گی اور اگر اُسے مجنوں پر معلق کرے تو وہ شفایاب ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ اس کے اتنے فوائد ہیں کہ اُن کو گنتی میں نہیں لایا جا سکتا۔ اُسے اپنے اوپر لازم کرلو کیونکہ اُس میں سر عظیم ہے اور جو اسے تانبے کی لوح پر نقش کرے اور قمر برج قوس میں ہو صندل کے ساتھ اُسے دھونی دے اُس پر سورت یٰسین مکمل ایک دفعہ پڑھے اور اسے اپنے پاس رکھے تو لوگ شدید محبت کی وجہ سے اُس ... ساعت (گھنٹہ) ... جب اُسے اپنی جیب میں رکھے تو اس کا رزق زیادہ اور اُس کا مرتبہ عظیم ہو جائے گا ... محفوظ ہو جائے گا اگر اُسے اپنے

مال میں رکھے تو بہت زیادہ ہو جائے گا اور اُس کی تجارت بہت نفع والی ہو جائے گی۔ اُسے کھیت یا فصل کے درمیان رکھے تو اُس کا ثمر زیادہ ہو جائے گا۔ اگر اُسے گھر میں رکھے تو اُس میں خیر و برکت زیادہ ہو جائے گی۔ مخمس کے بنانے کا طریقہ اس طرح ہے۔

۹	۲۱	۱۳	۵	۱۷
۳	۲۰	۷	۲۴	۱۱
۲۲	۱۴	۱	۱۸	۱۰
۱۶	۸	۲۵	۱۲	۴
۱۵	۲	۱۹	۶	۲۳

اُس کی بنیاد ساٹھ ہو۔ اس میں فہم و ذکاء کے زیادہ ہونے، مصیبت کے دفع کرنے، بچوں کے اخلاق کو بہتر کرنے اُن سے تکلیف کو دور کرنے مقاصد و خواہشوں کے حاصل کرنے، حاجتوں کے پورے ہونے، محبت ملاپ، الفت پیدا کرنے، نیکوں کے زیادہ ہونے، حکام کی زبانوں کے بند ہونے دشمنوں و مخالفین پر قہر اور اُن کے خلاف نصرت کے لئے بہت زیادہ خواص ہیں وہ اُسے مشک و زعفران کے ساتھ ہرن کے چمڑے یا پاک صاف سرخ ریشمی کپڑے پر لکھے۔ اسے مصطکی، عود اور رائع میعہ کے ساتھ دھونی دے۔ اُس پر سورت فاتحہ شریفہ پانچ دفعہ اور اللہ تعالیٰ کا اسم دیان ۶۵ مرتبہ پڑھے۔ جو اُسے اپنے پاس رکھے وہ تمام پالے گا جن کا میں نے ذکر کیا ہے۔ خیرات و برکات میں سے کئی کئی گنا حاصل کرے گا۔ جو اُسے شیشے کے برتن میں لکھے اور شمس برج حمل یا قمر برج سرطان میں ہو اُس پر اسم مذکور ۶۵ دفعہ پڑھے اور اُسے پلائے جسے وہ چاہتا ہے بے شک وہ محبت میں اُس شئے ایک ساعت بھی نہیں رک سکے گا اور اگر کوئی اسے مریخ کی ساعت میں سرخ ٹھیکری پر لکھے۔ لبانی اور مقل ازرق کے ساتھ اسے دھونی دے [illegible] سورت مائدہ [illegible] پھر اُسے اُن کے اجتماع کی جگہ دفن کرے۔ بے شک وہ آپس میں لڑیں گے اور [illegible] جو اُسے [illegible] لکھے اور اُسے

ظالم کے گھر ڈالے تو وہ تباہ و برباد ہو جائے گا۔

اگر وہ اُسے اُس کی تجارت کی جگہ رکھے تو وہ گھاٹے والی ہو جائے گی۔ اگر اسے کسی جماعت کے درمیان دبا، جائے تو وہ آپس میں لڑائی جھگڑا کریں گے۔ جو اُسے منگل کے روز مریخ کی ساعت میں لوہے کی لوح پر نقش کرے اُسے لبان ذکر اور مقل ازرق کے ساتھ دھونی دے۔ اُسے سرخ کپڑے میں لپیٹ کر اپنے بازو پر باندھے اور جابر بادشاہ' جابر حاکم یا دشمن کے پاس جائے تو وہ انکساری کریں گے اور اُس کے مطیع ہو جائیں گے وہ اُن کے شر اور مکر سے محفوظ ہو جائے گا۔

مسدس کے بنانے کی صورت اس طرح ہے۔

۳۶	۳۰	۲۴	۱۳	۷	۱
۲۵	۱۹	۳	۳۵	۱۷	۱۲
۶	۱۰	۱۴	۲۱	۲۸	۳۲
۲۰	۲	۲۹	۱۱	۳۱	۱۸
۵	۲۴	۸	۱۷	۵	۲۲
۹	۱۶	۳۳	۴	۲۳	۲۶

اُس کی بنیاد ۱۰۵ ہو۔ اس کے خواص بہت زیادہ ہیں۔ حاجتوں کے پورے ہونے' برکت' قوت' جاہ' عزت' مرتبے' فصاحت' محبت اور قبولیت کے زیادہ ہونے کے معاملات میں اُس کے اتنے فوائد ہیں جن کو شمار نہیں کیا جا سکتا۔ جو شخص نصف مثقال سونا لے کر اُس کی لوح بنائے اور اس پر اس وفق کو شمس کے شرف میں نقش کرے اور اسے زعفران' مشک اور کافور کے ساتھ دھونی دے۔ اُس پر اللہ تعالیٰ کا نام کافی ۶۶۶ مرتبہ پڑھے اور اُسے اپنے پاس رکھے وہ سب تمنا حاصل کرے گا جس کا علم [illegible] کیا

جو اُسے اتوار کے دن [illegible] ہرن کے چمڑے یا [illegible] مشک زعفران

اور گلاب کے عرق کے ساتھ لکھے۔ اُس پر اللہ تعالیٰ کا اسم کریم ہزار دفعہ پڑھے اور اُسے اپنے پاس رکھے تو وہ قوت اور غلبہ حاصل کرے گا۔ وہ لوگوں کا امام بن جائے گا۔ وہ اُس کے اقوال اور افعال میں اُس کی پیروی کریں گے۔

مسبع کے بنانے کی صورت اس طرح ہے:

۲۳	۴۲	۵	۱۷	۲۹	۴۸	۱۱
۶	۱۸	۳۰	۴۹	۱۲	۲۴	۳۶
۳۱	۴۳	۱۳	۲۵	۳۷	۷	۱۹
۱۴	۲۶	۳۸	۱	۲۰	۳۲	۴۴
۳۹	۲	۲۱	۳۳	۴۵	۸	۲۷
۱۵	۳۴	۴۶	۹	۲۸	۴۰	۳
۴۷	۱۰	۲۲	۴۱	۴	۱۶	۳۵

اُس کی بنیاد ۱۹۸ ہو۔ حفاظت و ذکاء، علوم بلندی، استقلال، عزت و مرتبے و قبولیت کے حاصل کرنے اور خواہشوں کے حصول کے لئے اس کے فوائد بہت زیادہ ہیں۔ جو اُسے چینل کی لوح پر نقش کرے جب قمر برج سرطان یا عطارد سنبلہ میں ہو۔ اُسے عود کے ساتھ دھونی دے۔ اُس پر اللہ تعالیٰ کے اسماء ھادی علیم قوی ۲۲۵ دفعہ پڑھے اور اُسے بچے پر معلق کرے وہ اپنے زمانے کا سب سے بڑا حافظ ہوگا۔ اس کے حفظ میں کوئی شے نہیں بھولے گا اور اگر اُسے کسی حاملہ عورت پر معلق کیا جائے تو وہ ہر سوء نفس سے محفوظ رہے گی وہ اسے جنے گی۔ اس کا بچہ نجابت پائے گا اور عظیم مبلغ ہوگا۔ اگر اسے برتن میں رکھ کر پانی ڈال کر اُس عورت کو پلایا جائے جو غیر لوگوں کے پاس جاتی ہے تو وہ ہدایت پائے گی۔ اُس کے اخلاق اچھے ہو جائیں گے اور اُس کا شر زائل ہو جائے گا۔ اگر اسے ایسے شخص پر معلق کیا جائے جس سے اُس کی بیوی بہت غصہ [illegible] کے ساتھ [illegible] تو وہ اس سے بہت محبت کرے گی وہ اس کے لئے اپنے جسم کے تمام اعضاء پیش کر دے گی (یعنی پھر وہ اس سے بہت [illegible] کرے گی) جو اُسے

تیل یا گھی میں رکھے۔ اُسے اپنے جسم پر لگائے پھر مردوں اور عورتوں کے پاس جائے وہ اسے تحفے دیں گے اور اُس کی حاجتوں کو پورا کر دیں گے۔ مثمن کے بنانے کی صورت اس طرح ہے:

۸	۵۸	۵۹	۵	۴	۶۲	۶۳	۱
۴۹	۱۵	۱۴	۵۲	۵۳	۱۱	۱۰	۶۵
۴۱	۲۳	۲۲	۴۴	۴۵	۱۹	۱۸	۴۸
۳۲	۳۴	۳۵	۲۹	۲۸	۳۸	۳۹	۲۵
۴۰	۲۶	۲۷	۳۷	۳۶	۳۰	۳۱	۳۳
۱۷	۴۷	۴۶	۲۰	۲۱	۴۳	۴۲	۲۴
۹	۵۵	۵۴	۱۲	۱۳	۵۱	۵۰	۱۶
۶۴	۲	۳	۶۱	۶۰	۶	۷	۵۷

اس کی بنیاد ۲۵۲ ہو، انسانوں اور حیوانوں کے تمام امراض کے لئے۔ اس کے فوائد بہت زیادہ ہیں۔ جو اسے شیشے کے برتن میں زعفران گلاب کے عرق اور مشک کے ساتھ لکھے اُسے کنویں کے پانی یا گلاب کے عرق کے ساتھ مٹائے اور اُسے بخار والے کو پلائے تو بخار ختم ہو جائے گا۔ اس تیل کو اگر خارش والے جسم پر لگایا جائے تو وہ ٹھیک ہو جائے گا۔ اگر اُسے برے اخلاق والا آدمی پیئے تو اس کے اخلاق اچھے ہو جائیں گے اور اُس کی حماقت دور ہو جائے گی۔ اگر اسے بدکنے والی اونٹنی کو پلایا جائے تو وہ ہدایت اور اطمینان والی ہو جائے گی۔ جو شخص اسے کاغذ پر لکھ کر اُس کے اردگرد اللہ تعالیٰ کا اسم حمید ۶۲ دفعہ تحریر کرے اور اُسے اُس عورت کے اتارے ہوئے کپڑے میں لپیٹے جو اپنے خاوند سے برا سلوک کرتی رہی ہے۔ اور اسے صاف صندوق میں رکھے تو وہ عورت اچھے حال والی ہو جائے گی اس کے بعد اپنے شوہر کی مخالفت نہیں کرے گی اور اپنے رہن سہن کو اچھا کرے گی۔ جو اُسے لکھے اور اُس کے اردگرد اللہ تعالیٰ کا نام مؤمن لکھے اور اسے اپنے دل پر لٹکائے تو اس کا دل ایمان کے نور اور معرفت کے ساتھ زندہ ہو جائے گا۔

وہ اللہ تعالیٰ کے اولیاء میں سے ہو جائے گا۔ جو اسے تحریر کر کے اس کے اس کے اور گرد اللہ تعالیٰ کے اسماء حکم حکیم حلیم حنان حسیب حمید حق حفیظ حئی ۳۰ مرتبہ لکھے اور یہی اس پر ہزار مرتبہ پڑھے۔ اُسے اپنے پاس رکھے تو وہ ہر اس شخص سے قبولیت حاصل کرے گا جو اسے دیکھے گا۔ اُس کی بات مان لی جائے گی وہ سب کے لئے محبوب ہو جائے گا اور ہر شخص اُس کی حاجت پوری کر دے گا۔

جو اُسے لوہے کی لوح پر نقش کر کے اُس مکان پر لٹکائے۔ جہاں سے بھاگنے والا بھاگ گیا ہے تو وہ جلدی سے واپس آ جائے گا اور راستے کی مسافت جتنی دیر بھی نہیں کرے گا۔ اگر اسے اجناس کے گوداموں میں رکھے تو وہ دیمک اور آفات سے محفوظ رہیں گی۔ جو اُسے بدھ کے روز پہلی ساعت میں لکھے۔ مشک اور عنبر کے ساتھ اُسے دھونی دے اور اُسے اپنے پاس رکھے تو اس کی طاقت زیادہ ہو جائے گی۔ جب کہیں جائے گا تو نہیں تھکے گا اور ہمیشہ کے لئے پیاسا نہیں ہوگا اور اگر اُسے اس کے اس پہلو پر رکھا جائے جس میں تکلیف ہے۔ تو وہ اسی وقت ٹھیک ہو جائے گا۔ اگر اسے سردرد والے کے سر پر رکھا جائے تو سر درد دور ہو جائے گا۔

مسبع کے بنانے کی صورت اس طرح ہے:

۳۷	۷۸	۲۹	۷۰	۲۱	۶۲	۱۳	۵۴	۵
۶	۳۸	۷۹	۳۰	۷۱	۲۲	۶۳	۱۴	۴۶
۴۷	۷	۳۹	۸۰	۳۱	۷۲	۲۳	۵۵	۱۵
۱۶	۴۸	۸	۴۰	۸۱	۳۲	۶۴	۲۴	۵۶
۵۷	۱۷	۴۹	۹	۴۱	۷۳	۳۳	۶۵	۲۵
۲۶	۵۸	۱۸	۵۰	۱	۴۲	۷۴	۳۴	۶۶
۶۷	۲۷	۵۹	۱۰	۵۱	۲	۴۳	۷۵	۳۵
۳۶	۶۷	۱۹	۶۰	۱۱	۵۲	۳	۴۴	۷۶
۷۷	۲۸	۶۹	۲۰	۶۱	۱۲	۵۳	۴	۴۵

اس کی بنیاد ۳۶۰ ہو۔ محبت ' قبولیت ' عزت و مرتبے کی زیادتی دشمنوں پر فتح۔ حاجتوں کے پورے ہونے ' لڑنے و جھگڑنے والوں کے درمیان صلح ' نفسانی و جسمانی امراض کے ازالے۔ جانوروں کو قابو میں لانے اور مخالفوں کو پست کرنے کے لئے اس کے فوائد بہت زیادہ ہیں۔ جو شخص اسے چاندی کی لوح پر نقش کرے جس کا وزن نو درہم ہو۔ اسے مصطگی' جاوی اور عنبر کے ساتھ دھونی دے۔ اس پر سورت انعام نو (۹) دفعہ پڑھ کر اُسے اپنے پاس رکھے۔ وہ شخص وہ تمام حاصل کرے گا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے۔ وہ جس کے سامنے جائے گا اُسے تحفے دے گا۔ اُس کی عزت کرے گا اور اُس کی حاجت پوری کر دے گا اور اگر اُسے دریا و سمندر کے ہیجان کے وقت اس میں داخل کیا جائے تو وہ سکون میں آ جائے گے۔ اگر اُسے تجارت کی جگہ لٹکایا جائے تو ہر طرف سے گاہک دوڑے آئیں گے۔

اگر اسے ایسی لڑکی کے اوپر لٹکایا جائے جس کی شادی نہ ہو رہی ہو تو ہر طرف سے جلدی شادی کے پیغام اُس کے لئے آئیں گے۔

اس کے لئے عزت' قبولیت اور خوبصورتی ہو جائے گی۔ جو اُسے دیکھے گا اس سے محبت کرے گا۔ جو یہ چاہتا ہے کہ جو اُسے دیکھے تو اس سے محبت کرے اور تمام لوگوں کی عقلوں کو کھینچ لے اور اُس کے لئے جہاں مسخر ہو جائیں تو اسے چاہئے کہ وہ آنے والے طریقے پر سوموار کے دن قمر کی پہلی ساعت میں لکھے۔ قمر زیادہ روشنی والا ہو یا قمر کی ساعات میں سے کسی دن اپنی ساعت میں ہو اور اچھے بخور کے ساتھ دھونی دے۔ پھر اُسے طالب کو دے وہ اسے رکھے۔ پھر عمل کرنے والا اسے طالب کے سر پر رکھے اسماء اور دائرے کی آیات جو وفق کے اردگرد ہیں ۳۰ دفعہ پڑھے اور کہے:

﴿يَا رُوْحَانِيَةَ الْعُقُوْلِ اَجْلِبُوْهُمْ اِلٰى هٰذَا بِحَقِّ اَبِى الْقَاسِمِ الرَّسُوْلِ﴾

ترجمہ: "اے عقلوں کی روحانیت ان سب کو ابوالقاسم الرسول ﷺ کے حق میں اس طرف کھینچو۔"

جب یہ عمل پورا ہو گا تو وہ اپنی مراد اور اپنے مقصود کو پا لے گا اور بعض مؤلفین نے ذکر کیا ہے کہ امام کبیر اور مشہور عارف ابن حاجب نے بعض قبائل کے روساء کے لئے لکھا انہوں نے اسے اپنے پاس رکھا اُن کا درجہ زیادہ بلند ہو گیا۔ انہوں نے اپنے ہمسایوں پر فوقیت حاصل کر لی بلکہ وہ کئی علاقوں کے مالک بن گئے۔

ہارون الرشید کی لونڈی کی عظمت کا راز

اور اس طرح بھی ذکر کیا گیا کہ ہارون الرشید کی سیاہ رنگت والی ایک لونڈی تھی۔ جس کی بہت عزت' مرتبہ اور قبولیت تھی۔ جب وہ فوت ہوئی۔ غسل دینے والی عورت اُس کے پاس آئی تو اس کے [illegible] کے سر میں یہ [illegible] پایا [illegible] غسل دینے والی عورت نے اُسے لے کر اپنے پاس رکھا تو وہ بہت رونق اور جمال والی ہوئی۔ جو [illegible] اُسے [illegible] اس سے محبت کرتا تھا حالانکہ وہ

بوڑھی بہت سفید بالوں والی تھی۔ اُس کے لئے جلدی سے شادی کے پیغام آنے لگے اور بڑے لوگوں میں سے ایک نے اُس کے ساتھ شادی کر لی۔ وہ جب فوت ہوئی۔ اس تمیمہ کو کھولا گیا تو اس میں اس مبارک وفق کو پایا گیا۔ انہوں نے اس کا نام ﴿حرز الغاسلة﴾ (غسل دینے والی کا حرز) رکھا۔ اس طرح بھی ذکر آیا کہ ایک بے وقوف اور بُرے نوجوان نے اس مبارک نقش کو حاصل کیا اور اُسے اپنے پاس رکھا۔ اسے بہت عزت وعظمت حاصل ہوگئی۔ یہاں تک کہ وہ اصحاب دولت میں سے ہوگیا۔

لوگ اُس کی طرف امنڈ کر آتے تھے۔ تمام امور میں اُس کی بات مانی جاتی تھی۔ اُس کا راز بہت بڑا اور اُس کا فضل جسیم ہے۔ جو اُسے رکھے تو وہ کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔ یہ اُس کی شکل ہے جیسے تم دیکھ رہے ہو:

ودود عطوف حنان بر رءوف حلیم

فلما رأینه أكبرنه وقطعن أیدیهن وقلن حاش لله ما هذا

بشرا ان هذا الا ملك كريم

٣١	٣٦	٢٩	٧٦	٨١	٧٤	١٣	١٨	١١
٣٠	٣٢	٣٤	٧٥	٧٧	٧٩	١٢	١٤	١٦
٣٥	٢٨	٣٣	٨٠	٧٣	٧٨	١٧	١٠	١٥
٢٢	٤٧	٢٠	٤٠	٤٥	٣٨	٥٨	٦٣	٥٦
٢١	٢٣	٢٥	٣٩	٤١	٤٣	٥٧	٥٩	٦١
٢٦	١٩	٢٤	٤٤	٣٧	٤٢	٦٢	٥٥	٦٠
٦٧	٧٢	٦٥	٢	٩	٢	٤٩	٥٤	٤٧
٦٦	٦٨	٧٠	٣	٥	٧	٤٨	٥٠	٥٢
٧١	٦٤	٦٩	٨	١	٦	٥٣	٤٦	٥١

. جو شخص اسے اس طریقے پر کاغذ پر لکھے اور اس کے اردگرد یہ آیات الملک اور رد(؟)وں نہ لکھے۔ اُسے اپنے سرھانے کے نیچے رکھ کر سوئے۔ سورت والضحیٰ سات دفعہ سورت قدر سات مرتبہ اور سورت زلزلہ سات دفعہ پڑھے پھر کہے:

﴿تَوَکَّلْ یَا تقوانیلَ یا خادم هذا الوفق المبارک وَاخبرنی فِی مَنَامِی هٰذَا عَنْ کذا وَکذا﴾

<u>ترجمہ:</u> ''اے تقوائیل اے اس مبارک وفق کے خادم تم توکل کرو اور مجھے نیند میں اس کے بارے میں خبر دو۔''

اپنی حاجت کا نام لے اللہ تعالیٰ اس میں برکت عطا کرے گا۔ وہ اُس سرھانے پر سر رکھ کر سو جائے۔ وہ خواب میں وہ کچھ دیکھے گا جس کی وہ طلب رکھتا ہے اور اُس کا حال اُس پر منکشف ہو جائے گا۔ تم اس کی قدر پہچانو۔ جو اس میں خیر اور ہدایت ہے اللہ تعالیٰ اُس کی طرف ہماری راہنمائی فرمائے۔ معشر (دس کا نوں والا نقش) کے بنانے کی صورت اس طرح ہے۔

١٠	٩	٩٣	٩٤	٥	٩٦	٩٧	٩٨	٢	١
١١	١٩	١٨	٨٤	٨١	٨٦	٨٧	١٣	١٢	٩٥
٧١	٢٢	٢٨	٣٧	٧٥	٧٦	٢٤	٢٣	٧٩	٨٠
٦١	٦٢	٣٣	٣٧	٣٦	٣٥	٣٤	٦٨	٦٩	٧٥
٥٠	٥٢	٣٥	٤٤	٤٦	٣٥	٥٧	٥٨	٥٩	٤١
٦٠	٤٩	٤٣	٥٤	٥٦	٥٥	٤٧	٤٨	٤٢	٥١
٤٠	٣٢	٦٣	٦٧	٦٦	٦٥	٦٤	٣٨	٣٩	٣١
٢١	٧٢	٧٨	٧٧	٧٦	٢٥	٧٤	٧٣	٢٩	٣٠
٨١	٨٩	٨٨	١٧	١٥	١٦	١٣	٨٣	٨٢	٢٠
١٠٠	٩٩	٨	٣	٩٥	٦	٤	[illegible]	٩٢	٩١

اس کی بنیاد ۴۹۵ ہو۔ اس کے خواص یہ ہیں کہ جب اسے زہرہ کے شرف میں ٹھیکری پر اس کی نیت کرتے ہوئے اُس شخص کے نام پر لکھا جائے۔ جسے تم چاہتے ہو۔ اسے تم آگ میں ڈالو۔ اُسے محبت کی شدت سے بہت زیادہ جوش و شوق ہو جائے گا اور یہ زہر کے دفع کرنے کے لئے مفید ہے۔ اس طرح کہ اسے مشتری کے اپنے شرف میں دخول کے وقت' اور قمر اس کی طرف تثلیث یا تسدیس سے دیکھنے والا ہو' کسی دھات کی لوح پر نقش کرے بشرطیکہ نقش واضح ہو پھر اُس کا نقش دس گول روٹیوں پر بنائے انہیں زہر زدہ شخص ایک کے بعد دوسری روٹی کھائے۔ بے شک' وہ ٹھیک ہو جائے گا۔

حاجتوں کی قضاء' خواہشوں کے حصول' لوگوں کے مکر سے امن شرح صدور اور تکلیفوں کے دور کرنے کے لئے ہے

تم چھ دھاتوں سونے' چاندی' سیاہ سیسے' تانبے' لوہے اور رانگ سے بنی ہوئی لوح لو بشرطیکہ اُن کے وزن برابر اور وہ پگھلی ہوئی ہوں اور شمس برج دلو میں ہو۔ تم اُس کی سطر برج حوت میں بناؤ۔ اُسے دس برجوں میں نقش کرو اس کے بعد برج میں کل دس خانے اس شرط کے ساتھ ہوں کہ ہر برج کا مالک مسعود' غیر راجع (رجعت نہ کرنے والا) اور نحوستوں سے خالی ہو۔ جب اس کا عمل پورا ہو جائے تو اسے اپنے پاس محفوظ کر لو بے شک وہ بہت بڑا خزانہ ہے۔ اس میں کفایت ہے۔ اللہ توفیق دینے والا ہے اور اُسی طرف لوٹ جانا ہے۔

تیسرا مقصد

اسماء، آیات، دعوات، اقسام اور استخدامات کے اسرار کا ذکر

ان کے تین ابواب ہیں:

پہلا باب: اسماء کے اسرار

دوسرا باب: آیات کے اسرار

تیسرا باب: دعوات اقسام اور استخدامات

ا۔ اسماء کے اسرار

فصل اسم ذات کے خواص

رزق کے آسان کرنے کے لئے ہے

تم اسم ذات کا ہر روز پانچ ہزار مرتبہ ذکر کرو۔ ایک ہفتہ بھی نہیں گزرے گا کہ ہر طرف سے تمہارے پاس رزق آئے گا۔

جو شخص ارادہ کرے کہ اللہ اسم اعظم کو پکارے تو اسے چاہئے کہ آنے والا وقت لکھے۔

قمر شرطین میں ہو اور اس پر اسم ذات اللہ ۶۶ مرتبہ پڑھے۔ جو کچھ چاہتا ہے اسے طلب کرے بے شک اس وقت دعا قبول ہو گی۔

یہ وفق کی شکل ہے:

٤٨٦

١١	لله	٣٤
٦٠	الاه	١٤
٤٠	٨	٦٣

محبت کے لئے ہے

تم آنے والا وفق کو سداب کے پانی کے ساتھ کاغذ پر پر کے قلم کے ساتھ تحریر کرو۔ اُسے انار کے درمیان یا کھجور کی ٹہنی میں رکھ کر معلق کرو۔ اُس پر اسم شریف اللہ کا خالی مکان میں طہارت کے ساتھ (٣٣٥٦) دفعہ ذکر کرو جیسان (الائچی) کے ساتھ اُسے دھونی دو۔ خادم پر توکل کرو۔ وہ مخالفت نہیں کرے گا۔

یہ وفق کی شکل ہے:

١	٦٢	٣
٥	توکل یا کهیال و باهیا کل وزیا خلال بکذا وکذا بسر الاسم الاعظم	٦١
٦٠	٤	٢

خیر و شر میں سے جو تم چاہتے ہو اس کے پورے ہونے کے لئے ہے کہ تم لفظ:

﴿جلاله یاء ندا﴾

پکارنے کے لئے یا کو استعمال کیا جاتا ہے۔" کے ساتھ ٦٦ دفعہ پڑھو۔ پھر تم:

﴿الحمدلله رب العالمین وصلی الله علی سیدنا محمدٍ وعلی آله وصحبه وسلم یا ارحم الراحمین﴾

﴿یَا خَیْرَ الْمَسْئُولِیْنَ یَا مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَا اِلٰهَ الْعَالَمِیْنَ بِکَ اَنْزَلْتُ حَاجَتِیْ وَاَنْتَ اَعْلَمُ بِهَا فَاقْضِهَا اَللّٰهُمَّ اَنْتَ لَهَا وَلِکُلِّ حَاجَةٍ فَاقْضِهَا بِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مَا یَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِکَ لَهَا﴾ دس دفعہ پڑھو۔

قضاء حاجات کے لئے ہے:

اسم اللہ ۲۳۵۶ دفعہ پڑھو۔ ہر ۶۶ دفعہ کے بعد دعوت ایک دفعہ پڑھو۔ بے شک تمہاری جو بھی حاجت ہوگی پوری ہو جائے گی۔ دعوت یہ ہے:

﴿اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِعَظَمَةِ الْاُلُوْهِیَّةِ وَبِاَسْرَارِ الرُّبُوْبِیَّةِ وَبِعِزَّةِ السَّرْمَدِیَّةِ وَبِحَقِّ ذَاتِکَ الْعَلِیَّةِ الْمُنَزَّهَةِ عَنِ الْکَیْفِیَّةِ وَالشِّبْهِیَّةِ وبحق ملائکتک اهل الصفات الجوهریة وبعرشک الذی تفشاه الانوار بمافیه من الاسرار الا ماقضیت حاجتی من کذا وکذا اومنک یا الله یا الله یا الله القدوس القدوس ارفع عنی حجب الظلمات وارنی بنورک ما اظهرته لعبادک اهل القلوب الطاهرات یا من کسیٰ قلوب العارفین بنور الالوهیة فلن تستطع الملائکة رفع رؤوسهم من سطوة الجبروتیة یا من قال فی محکم کتابه العزیز و کلماته الازلیة. الله نور السموا ت والارض مثل نوره کمشکاة فیها مصباح المصباح فی زجاجة الزجاجة کانها کوکب دری یوقد من شجرة مبارکة زیتونة لاشرقیة ولا غربیة یکاد زیتها یضی ء ولو لم تمسسه نار نور علی نور یهدی الله لنوره من یشاء و یضرب الله الامثال للناس والله بکل شی علیم﴾

ترجمہ:۔ اے اللہ میں تجھ سے تیری الوہیت کی عظمت ربوبیت کے اسرار سرمدیت کی عزت اور تیری ذات کے حق کا [illegible] ہوں۔ وہ ذات [illegible] سے پاک ہے

تیرے ملائکہ کے حق میں جو جوہری صفات والے ہیں اور تیرے عرش کے حق میں جسے انوار ڈھانپ لیتے ہیں اور جو اس میں اسرار ہیں یہ کہ اس طرح تو میری حاجت پوری کر دے یا جو بھی تیری طرف سے ہے۔ اے اللہ اللہ قدوس قدوس قدوس مجھ سے تاریکیوں کے پردے اٹھا دے۔ اپنے نور کے ساتھ مجھے دکھا دے۔ جو کچھ تو نے اپنے ان بندوں کے لئے ظاہر کیا جو پاک قلوب والے تھے۔ اے وہ ذات جس نے عارفین کے قلوب کو الوہیت کے نور کا لباس پہنایا۔ جبروتیت کی سطوت سے فرشتے اپنے سر نہ اٹھا سکے۔ جس ذات پاک نے اپنی محکم کتاب اور ازلی کلمات میں فرمایا۔ ''اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے اس کے نور کی مثال ایسی ہے گویا ایک طاقت ہے جس میں چراغ ہے۔ چراغ ایک قندیل میں ہے اور قندیل ایسی صاف شفاف ہے جیسے ایک چمکدار ستارہ ہو۔ وہ چراغ ایک نہایت مفید درخت کے تیل سے جلایا جاتا ہے اور وہ زیتون کا درخت ہے کہ نہ مشرق کی طرف ہے نہ مغرب کی طرف ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا تیل خود اسے آگ نہ بھی چھوئے جلنے کو تیار ہے روشنی پر روشنی ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے نور سے جسے چاہتا ہے سیدھی راہ دکھاتا ہے۔ اللہ لوگوں کے لئے مثالیں بیان فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔

فصل اسماء الحسنیٰ کے خواص

جو اپنے بڑے بڑے امور کے پورے ہونے کا ارادہ کرے اسے چاہئے کہ پاک صاف ہو (وضو کی صورت میں طہارت کے ساتھ ہو) اللہ تعالیٰ کیلئے دو رکعت نماز پڑھے۔ آنیوالے وقت کو صالح وقت (ممنوعہ وقت نہ ہو) میں کھلے اور اچھی خوشبو ہو۔ سو (100) دفعہ استغفار پڑھے۔ نبی اکرم ﷺ کی ذات پر درود بھیجے پھر اس پر اسماء حسنیٰ 99 دفعہ پڑھے اور ہر دفعہ کے آخر میں اپنی حاجت طلب کرے۔ نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس پر درود شریف کیساتھ ختم کرے۔ انشاء اللہ وہ ایسے بھی کام جس سے بہت خوش ہو جائے گا۔

یہ وفق کی صورت ہے:

الله	رحمن	رحیم	ملک	قدوس	سلام	متعال	باری	مصور	غفار
واحد	معز	مقیت	حفیظ	قیوم	محصی	مانع	مغنی	حلیم	مجید
حی	خافض	محیی	علیم	واسع	شہید	رزق	نافع	باسط	متکبر
مقتدر	ودود	ضار	قہار	فتاح	بصیر	مالک الملک	مقدم	حسیب	مبدی
ہادی	واحد	باقی	جامع	آخر	باعث	ممیت	ظاہر	حکیم	بدیع
وہاب	والی	عظیم	قابض	رقیب	شکور	رزاق	معید	جلیل	وکیل
وارث	ولی	حمید	کریم	موخر	کبیر	قوی	صمد	رافع	منتقم
مذل	اول	عدل	صبور	مقسط	مہیمن	رشید	بر	غنی	مجیب
خالق	ماجد	حق	مومن	عزیز	جبار	متین	باطن	ذوالجلال والاکرام	تواب
قادر	غفور	علی	لطیف	سمیع	خبیر	نور	حکیم	عفو	محمد

تم اس پر حرص کرو کیونکہ وہ جامع اکبر وفق' نور چمکدار پھول اور سر محیط ہے۔

بعض اسرار اور برکات والے علماء سے روایت ہوئی ہے کہ جو شخص اس بات کا ارادہ کرے کہ اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کو پکارے تو اُسے چاہئے کہ ابجدی جملوں کے ساتھ اُس کے نام کے عدد لے اور دیکھے کہ اُسے اسماء حسنیٰ میں سے اسم' دو اسم اور تین اسماء کون سے موافق ہیں۔ جیسے اُس شخص کے نام ہلال کے ساتھ اسماء اللہ سے وکیل موافق ہے۔ اُس کے نام علی کے ساتھ اسماء اللہ میں سے علی اور اُس کے نام محمد کے ساتھ اسماء اس طرح پڑھے۔ مثال کے طور پر ہلال کے نام کے لئے ﴿لا اله الا الله﴾ الوکیل علی کے نام کے لئے ﴿لا اله الا الله العلی﴾ اُس کے لئے جس کا نام محمد ہے۔ باسط اور ودود اپنے نام کے عدد کے ساتھ پڑھے۔ اس ذکر کے بعد سورت الم نشرح پڑھے اور نبی سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر اپنی حاجت طلب کرے۔ بے شک اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ حاجت پوری ہوگی۔

یہ اسماء الحسنیٰ کے اعداد کے بیان کے لئے چارٹ ہے:

نمبر شمار	اسم	اعداد	نمبر شمار	اسم	اعداد
۱	اللہ	۶۶	۱۱	متکبر	۶۶۲
۲	رحمٰن	۲۹۸	۱۲	خالق	۷۳۱
۳	رحیم	۲۵۸	۱۳	باری	۲۱۳
۴	ملک	۹۰	۱۴	مصور	۳۳۶
۵	قدوس	۱۷۰	۱۵	غفار	۱۲۸۱
۶	سلام	۱۳۱	۱۶	قہار	۳۰۶
۷	مؤمن	۱۳۶	۱۷	وہاب	۱۴
۸	مہیمن	۱۴۵	۱۸	رزاق	۳۰۸
۹	عزیز	۹۴	۱۹	فتاح	۴۸۹
۱۰	جبار	۲۰۶	۲۰	علیم	۱۵۰
۲۱	قابض	۹۰۳	۳۳	کریم	۲۷۰
۲۲	باسط	۷۲	۳۴	رقیب	۳۱۲
۲۳	خافض	۱۴۸۱	۳۵	مجیب	۵۵
۲۴	رافع	۳۵۱	۳۶	واسع	۱۳۷
۲۵	معز	۱۱۷	۳۷	حکیم	۷۸
۲۶	مذل	۷۷۰	۳۸	ودود	۲۰
۲۷	سمیع	۱۸۰	۳۹	مجید	۵۷
۲۸	بصیر	۳۰۲	۵۰	باعث	۵۸۳
۲۹	حکیم	[illegible]	[illegible]	شہید	۳۱۹
۳۰	عدل	۱۰۴	۵۲	حق	۱۰۸

٣١	لطیف	١٢٩	٥٣	وکیل	٦٦
٣٢	خبیر	٨١٢	٥٣	قوی	١١٦
٣٣	حلیم	٨٨	٥٥	متین	٥٠٠
٣٤	عظیم	١٠٢٠	٥٦	ولی	٤٦
٣٥	غفور	١٢٧٦	٥٧	حمید	٧٢
٣٦	شکور	٥٢٦	٥٨	محصی	١٤٨
٣٧	علی	١١٠	٥٩	مبدی	٥٦
٣٨	کبیر	٢٣٢	٦٠	معید	١٢٤
٣٩	حفیظ	٩٩٨	٦١	محیی	٦٨
٤٠	مقیت	٥٥٠	٦٢	ممیت	٤٩٠
٤١	حسیب	٨٠	٦٣	حی	١٨
٤٢	جلیل	٧٣	٦٤	قیوم	١٥٦
٦٥	واجد	١٤	٨٢	عفو	١٥٦
٦٦	ماجد	٤٨	٨٣	رؤف	٢٨٦
٦٧	واحد	١٩	٨٤	مالک الملک	٢١٢
٦٨	صمد	١٣٤	٨٥	ذوالجلال والاکرام	١١٠٠
٦٩	قادر	٣٠٥	٨٦	مقسط	٢٠٩
٧٠	مقتدر	٧٤٤	٨٧	جامع	١١٤
[illegible]	مقدم	[illegible]	٨٨	غنی	١٠٦٠
٧٢	مؤخر	[illegible]	٨٩	مغنی	١١٠٠

۷۳	اوّل	۳۷	۹۰	مانع	۱۶۱
۷۴	آخِرُ	۸۰۱	۹۱	ضارّ	۱۰۰۱
۷۵	ظاهِرُ	۱۱۰۶	۹۲	نافع	۲۰۱
۷۶	باطِنُ	۶۲	۹۳	نور	۲۵۶
۷۷	والیُ	۴۷	۹۴	هادی	۲۰
۷۸	متعال	۵۴۱	۹۵	بدیعُ	۸۶
۷۹	برّ	۲۰۲	۹۶	باقی	۱۱۳
۸۰	توّابُ	۴۰۹	۹۷	وارث	۷۰۷
۸۱	منتقمُ	۶۳۰	۹۸	رشید	۵۰۴
			۹۹	صبور	۲۹۸
			۱۰۰	الجملة	۳۳۸۳۸

حاجتوں کے پورے ہونے اور تکالیف دور کرنے کے لئے فائدہ

جب صبح کی نماز پڑھ لو تو بیٹھے ہوئے ہو ﴿بسم اللہ الرحمن الرحیم﴾ سو مرتبہ پھر:

﴿لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم یا قدیم یا دائم یا فرد یا وتر یا احد یا صمد یا حی یا قیوم یا ذوالجلال والاکرام﴾ سو دفعہ ہو۔

اپنی حاجت کا سوال کرو۔ بے شک وہ پوری ہو جائے گی۔

فائدہ مہمات کے لئے نفیس ذخائر

جس کے پاس مصیبت یا کوئی تنگی کا امر آئے، دشمن، ظالم، حاکم، چور، ڈاکو کا خوف ہو۔ اس کے جلدی دفع کا ارادہ رکھتا ہو۔ تو وہ آدھی رات کے وقت کھڑا ہو جائے۔ کامل وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے جس میں فاتحہ اور جو کچھ قرآن پاک میں سے ہو سکے پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو جائے تو قبلے کی طرف منہ کرتے ہوئے یَا هُوَ (1511) دفعہ پڑھے۔ اپنی خواہش و حاجت طلب کرے۔ بے شک وہ جلدی سے قبول ہو جائے گی۔ البتہ تم اسے غیر مستحق سے چھپاؤ۔

ہر حاجت کے لئے اہم فائدہ

تم یَا شَرِیع (ستر ۷۰ ہزار) مرتبہ کہو۔ ہر سو کے خاتمے پر تم کہو:

﴿أَجِبْ يا خَنْدَش وَانْتَ يا لُكان بِحَقِّ الاِسْمِ الَّذِی اولهُ آن و آخره آن اجلوش اجلوش تو كلو بِكَذا وَكذا الوحا العجل السَّاعَة﴾

محبت اور حاجتوں کے لئے فائدہ

تم ہر پریشان و تکلیف و مصیبت زدہ اور اس کی مدد کے لئے اسم یا رحیم کاغذ پر مشک و زعفران اور گلاب کے عرق کے ساتھ لکھو اس پر اسم ہزار دفعہ پڑھو۔ اسے پاک پانی کے ساتھ مٹانے کے بعد مطلوب کو پلاؤ۔ بے شک وہ طالب سے شدید محبت کرے گا۔ وہ اس کی خدمت کرنے کی کوشش کرے گا اور وہ اس کی حاجت پوری کرے گا۔

زبانوں کے بند کرنے کے لئے فائدہ

تم طالب مطلوب ہو اور [illegible] اس طرح جیسے (محمد چاہتا ہے کہ احمد کی زبان بند ہو) انہیں حروف کے طور پر پھیلاؤ [illegible] تم اللہ تعالیٰ کے [illegible] احمد کے حروف

ملاؤ۔ انہیں توڑو یہاں تک کہ تمام نکل آئے۔ پھر تم وہ اعداد لو جو حروف سے حاصل ہوں۔ انہیں تم چھوٹے کاغذ پر لکھو۔ اس عدد کے مطابق دونوں اسماءِ لطیف صمد پڑھو۔ اُسے طالب اپنے پاس رکھے۔ بے شک وہ اس سے وہ دیکھے گا جس سے بہت خوش ہو جائے گا۔

حاجتوں کے پورے ہونے کے لئے فائدہ

تم یہ سو (۱۰۰) دفعہ پڑھو:

﴿یَا کَبِیرُ فَوْقَ کُلِّ کَبِیرٍ یَا سَمِیعُ یَا بَصِیرُ یَا مَنْ لَا شَرِیکَ لَهُ وَلَا وَزِیرَ یَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِیرِ یَا مُغِیثَ مَنْ کَانَ بِکَ مُسْتَغِیثاً وَمُسْتَجِیرٍ یَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْکَسِیرِ یَا قَامِعَ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیدٍ اَسْاَلُکَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ الثَّمَانِیَةِ الْمَکْتُوبَةِ عَلٰی قَرْنِ الشَّمْسِ اَنْ تَجْعَلَ لِی کَذَا وَکَذَا﴾

ترجمہ: ''اے تمام بڑوں سے بڑے سننے والے دیکھنے والے اے وہ ذات جس کا کوئی شریک و وزیر نہیں ہے۔ اے شمس اور روشن قمر کو پیدا کرنے والے۔ اے ہر مدد طلب کرنے اور پناہ مانگنے والے کے مغیث۔ اے جابر اے عظیم اے ہر جبار و عنید (سرکش) کا قلع قمع کرنے والے۔ آفتاب کی کرنوں پر لکھے ہوئے ان آٹھ اسماء کے حق میں تو میرے لئے اس طرح کر دے۔

حاجتوں کے پورے ہونے کے لئے ہے

تم آنے والا وفق جمعرات کے دن پانچویں ساعت میں لکھو۔ اُس کے اردگرد لکھو:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ وَبِهِ نَسْتَعِینُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیمِ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلَّمَ. اَللّٰهُمَّ یَا مَنْ وَّضَعَ رِقَابَ الْمُلُوکِ فَهُمْ مِّنْ سُلْطَانِهِ خَائِفُونَ یَا مَنْ تَفَرَّدَ بِالْقُدْرَةِ وَالْعَظَمَةِ لِجَمِیعِ خَلْقِهِ مِنْ خِیفَتِهِ وَجِلُونَ. یَا مَنْ یَحْشُرُ [illegible] فَهُمْ [illegible] یَا مَنْ

أَعَزَّ أَوْلِيَاءَهُ بِالطَّاعَةِ فَهُم مِنَ الْفَزَعِ الْأَكْبَرِ آمِنُونَ لَا آلَاءَ إِلَّا آلَاؤُكَ يَا أَللّٰهُ يَا مُحِيطُ بِهِ عِلْمُكَ كَمَلِهِمْ وَاللّٰهُ مِنْ وَرَائِهِمْ مُحِيطٌ وَبِالْحَقِّ أَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ اُدْخُلُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ غَالِبُونَ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ تَوَكَّلْ أَيُّهَا الْمَلَكُ الْمُطِيعُ لِأَسْمَاءِ اللّٰهِ تَعَالَىٰ بِعَقْدِ لِسَانِ أَوْ مَحَبَّةِ أَوْ اخْضَاعِ فُلَانٍ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

ترجمہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اسی سے ہم مدد مانگتے ہیں اور حول اور طاقت صرف اللہ کے لئے ہے جو بلند اور عظیم ہے۔ سیدنا محمد ﷺ ان کی آل اور اُن کے اصحاب پر درود بھیجو۔ اے اللہ اے وہ ذات پاک ہے جس نے بادشاہوں کی رقاب بنائی۔ وہ تمام اُس کے غلبے سے ڈرتے ہیں۔ اے وہ ذات جو عزت اور عظمت کے ساتھ تنہا ہے۔ اُس کی تمام مخلوق اس سے ڈرتی ہے۔ اے وہ ذات جو ہڈیوں کو اٹھائے گا جب کہ ان کے نشان نہ ہوں گے اور مٹ چکے ہوں گے۔ پس اُن کو اس دن اٹھایا جائے گا اے وہ ذات جس نے اپنی اطاعت کے ساتھ اپنے اولیاء کو عزت دی پس وہ سب فزع اکبر (چیخ و پکار) سے امن پانے والے ہوں گے۔ اے اللہ صرف تیری ہی نعمتیں ہیں تیرا علم ہر شے کو محیط ہے۔ اللہ اُن کا احاطہ کرنے والا ہے۔'' ہم نے اُسے حق کے ساتھ نازل کیا اور وہ حق کے ساتھ نازل ہوا۔ اس دروازے میں داخل ہو جاؤ جب تم اُس میں داخل ہو جاؤ تو تم غالب ہو گے اور اگر تم مومن ہو تو اللہ پر توکل کرو۔ وہ سبوح قدوس فرشتوں اور روح کا رب ہے۔ اے اللہ تعالیٰ کے اسماء کے مطیع ملک تم زبانوں کے بند کرنے، محبت اور فلاں کو پست کرنے کے لئے توکل کرو اور حول و طاقت اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔

''[illegible] حول ولا قوۃ الا باللہ [illegible] حروف کا مجموعہ دعا کے آخر میں ہو۔''

تم انہیں الگ الگ [illegible] اور چاولی ([illegible]) کے ساتھ

دھونی دو۔ اس پر دعا پڑھو۔ اُس پر شمع روشن کرو اور پھر اُسے اپنے پاس رکھو۔ بے شک تم وہ دیکھو گے جو تمہیں خوش کر دے گا۔

یہ وفق کی شکل ہے:

۷۸۶

۳۰۱	۳۰۴	۳۰۷	۲۹۴
۳۰۶	۲۹۵	۳۰۰	۳۰۵
۲۹۶	۳۰۹	۳۰۲	۲۹۹
۳۰۳	۲۹۸	۲۹۷	۳۰۸

ہر حاجت اور ہر مرغوب خواہش کے لئے فائدہ جلیلہ: جس نے اُس کی پہچان کی وہ دوسروں سے بے پرواہ ہو گیا۔

جس نے شرطین کی منزل میں قمر کے نازل ہونے کا مشاہدہ کیا۔ دو رکعت نماز سورت فاتحہ اور آیت:

﴿هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ﴾

کے ساتھ پڑھی پھر کہے یا اللہ (۶۶) دفعہ یا اول (۳۷) دفعہ اور یا آخر (۱۰۰) دفعہ۔ پھر اللہ تعالیٰ سے مانگے۔ اللہ تعالیٰ اُسے ہر سوال کی ہوئی چیز عطا کرے گا۔ جو شخص ﴿منزلة البطين﴾ میں قمر کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے۔ سورت فاتحہ اور آیت:

﴿بَدِيعُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ وَلَدٌ وَلَمْ تَكُن لَّهُ صَاحِبَةٌ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ﴾

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے اور:

﴿[illegible] یا بدیع﴾ [illegible] دفعہ کہے اللہ تعالیٰ سے مراد و سعادت و فتح ابواب کے حصول کا سوال کرے۔ اللہ تعالیٰ اُسے [illegible] کے مطابق عطا کرے گا۔

جو قمر کے نازل ہونے کا مشاہدہ منزلۃ النثرہ میں کرے۔ سورت فاتحہ اور سورت ملک کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے اور ﴿یا جمیل یا جامع﴾ ۲۰۷ دفعہ پڑھے۔ وہ اللہ تعالیٰ سے جو بھی حاجت طلب کرے اُسے حاصل کرے گا۔

جو قمر کے نازل ہونے کا مشاہدہ منزلۃ الدبران میں کرے اور سورت فاتحہ و آیت:

﴿هوالاول والآخر والظاهر والباطن وهو بكل شيء عليم﴾

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے اور (یا دائم) کا ورد ۵۵ مرتبہ اور (یا دیان) کا ورد ۱۵ مرتبہ کرے وہ اللہ تعالیٰ سے اپنے رزق و مال میں برکت اور اپنے وطن کے لئے امن کی دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اُسے وہ سب کچھ عطا کرے گا جس کے لئے اُس نے سوال کیا۔

جو شخص منزلۃ الهقعة میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے سورت فاتحہ اور آیت:

﴿هوالاول والآخر والظاهر والباطن وهوابكل شي عليم﴾

کے ساتھ دو رکعت نماز ادا کرے اور کہے (یا عزو) ۱۱۱ دفعہ (یا حادی) ۲۰ دفعہ یا 'معلک' ۹۵ دفعہ۔ پھر اللہ تعالیٰ سے توفیق و نصرت مانگے تو وہ انہیں حاصل کرے گا۔

جو منزلۃ الھنعہ میں قمر کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے سورت فاتحہ و آیت الکرسی کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے۔ (یا ولی) ۴۶ مرتبہ (یا وکیل) ۶۶ اور (یا ودو) ۲۰ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے مہربانی و عافیت اور مصیبت سے ازالہ طلب کرے تو وہ اپنے مقصود کو حاصل کرے گا۔

جو شخص منزلۃ الذراع میں چاند کے حلول کا مشاہدہ کرے سورت فاتحہ اور آیت قرآنی:

﴿افرأيتم ما تحرثون ءانتم تزرعونه ام نحن الزارعون﴾

کیا تم نے دیکھا جو تم بوتے ہو کیا تم اُسے اگاتے ہیں یا ہم اگاتے ہیں۔ کے

ساتھ دو رکعت نماز پڑھے پھر (یازکی) ۷۲۳ بار کہے۔ اُس کی مصیبت اور غم چلے جائیں گے اور وہ فرح و خوشی حاصل کرے گا۔

جو شخص منزلۃ النثرہ میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے اور دو رکعت نماز سورت فاتحہ سورت آلِ عمران کے اول سے آیت:

﴿اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ﴾

تک کے ساتھ پڑھے پھر (یاباقی) ۱۸ دفعہ (یاقیوم) ۱۵۶ دفعہ (یامجید) ۹۲ دفعہ (یاحکیم) ۷۸ مرتبہ (یاحنان) ۱۰۹ بار (یاعلیم) ۸۸ دفعہ (یاحفیظ) ۹۹۸ دفعہ اور (یاحکیم) ۶۸ دفعہ کہے وہ دنیا و آخرت کی بھلائی پائے گا۔ اللہ تعالیٰ اُسے مرتبہ قبولیت و عزت کا وافر حصہ اور اعلیٰ مناصب پر ترقی عطا کرے گا۔

جو کوئی منزلۃ الطرفہ میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے اور دو رکعت نماز سورت فاتحہ اور آیت:

﴿طٰهٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى﴾

ترجمہ: ''اے محمد ﷺ ہم نے تم پر قرآن اس لئے نازل نہیں کیا کہ تم مشقت میں پڑ جاؤ مگر اُس شخص کو نصیحت دینے جو خوف رکھتا ہو۔'' کے ساتھ پڑھے۔ پھر (یاطاہر) ۲۱۵ دفعہ (یامطہر) ۲۵۴ دفعہ پڑھے اُس کے اخلاق اچھے ہو جائیں گے اور اُس کے لئے قبولیت ہو جائے گی۔

جو شخص منزلۃ الجبھۃ میں قمر کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے اور سورت فاتحہ و آیت:

﴿يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ﴾

[illegible] دو رکعت نماز پڑھے بعد ازاں [illegible] ۲۱ دفعہ کہے تو وہ اپنے مطلب کو پالے گا۔

جو شخص منزلۃ الزبرہ میں چاند [illegible] کا مشاہدہ کرے اور سورت فاتحہ و آیت:

﴿إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ﴾

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے پھر (یا کافی) ۱۱۱ مرتبہ کہے وہ جس سے خوف رکھتا ہے اُس سے محفوظ رہے گا۔

جو شخص منزلۃ الصرفہ میں قمر کے نزول کا مشاہدہ کرے اور سورت فاتحہ وآیت:

﴿اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ﴾

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے۔ پھر (یا لطیف) ۱۲۹ دفعہ کہے۔ اُس سے غم ومصیبت زائل ہو جائے گی اور اُس کی حاجت پوری ہو جائے گی۔

جس شخص نے منزلۃ العواء میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کیا اور سورت فاتحہ و آیت:

﴿اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

ترجمہ: "اے اللہ تو ساری کائنات کا مالک ہے تو جسے چاہے ملک دے دیتا ہے اور جس سے چاہے ملک چھین لیتا ہے تو جسے چاہے عزت دیتا ہے اور جسے چاہے پست کر دیتا ہے۔ تیرے پاس بھلائی ہے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔"

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے۔ پھر (یا ملک) ۹۰ دفعہ یا مجید ۵۷ دفعہ پڑھے وہ کمال صحت اور ہمیشگی کی نعمت پائے گا۔

جو منزلۃ السماک میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے اور دو رکعت نماز سورت فاتحہ اور آیت:

﴿رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ﴾

ترجمہ: اے ہمارے رب ہمیں صبر عطا فرما ہمارے قدموں کو ثابت قدم رکھ اور ہمیں

کافروں کی قوم پر (فتح و نصرت عطا فرما)"

کے ساتھ پڑھے (یا نور) ۲۵۶ دفعہ پڑھے وہ وافر حصہ پالے۔

جو شخص منزلۃ النثرہ میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے اور دو رکعت نماز سورت فاتحہ اور آیت:

﴿سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ﴾

ترجمہ: (پروردگار کی طرف سے سلام کہا جائے گا)

کے ساتھ پڑھے پھر (یا سلام) ۱۳۱ دفعہ اور (یا سمیع) ۱۸۰ دفعہ کہے۔ دنیا و آخرت میں جس چیز کا خوف رکھتا ہے۔ اُس سے محفوظ ہوگا۔

جو منزلۃ الزبانا میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کے سورت فاتحہ اور آیت:

﴿وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ﴾

ترجمہ: (اللہ نے تم سب کو پیدا کیا اور جو کچھ تم کرتے ہو)

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے۔ وہ (یا رقیب) ۳۱۲ دفعہ اور (یا عظیم) ۱۰۲۰ دفعہ کہے وہ توفیق اور ہدایت پائے گا۔

جو شخص منزلۃ الاکلیل میں چاند کے اترنے کا مشاہدہ کرے سورت فاتحہ اور آیت:

﴿وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ﴾

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے پھر (یا فتاح) ۴۸۹ دفعہ کہے تو اُس کا رزق زیادہ ہو جائے گا اور اپنی مراد پائے گا۔

جو منزلۃ القلب میں چاند کے طلوع کا مشاہدہ کرے اور سورت فاتحہ آیت:

﴿وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مُّبَارَكًا فَاَنْبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيدِ﴾

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے پھر (یا صادق یا صمد) ۳۲۹ دفعہ کہے اور نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس پر ۱۱۰ دفعہ درود بھیجے وہ اپنے لوگوں پر حکومت کرے گا۔

جو شخص منزلۃ الشولہ میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے اور سورت فاتحہ و

آیت:

﴿وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنْتَ مَوْلَانَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ﴾ اور ﴿وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ﴾

ترجمہ: ''ہمیں معاف فرما دے۔ ہمیں بخشش عطا فرما، ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا مولیٰ ہے اور ہمیں کافروں کے مقابلے میں نصرت عطا فرما۔'' کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے۔ پھر (یا قیوم) ۱۵۶ دفعہ پڑھے تو اللہ اُس کی حاجت پوری کر دے گا اور دشمنوں پر اُسے مدد عطا فرمائے گا۔

جو شخص منزلۃ النعایم میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے اور سورت فاتحہ و

آیت:

﴿رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَحْمَةً وَعِلْمًا﴾

اور آیت:

﴿فاما ان كان من المقربين فروح و ريحان وجنة نعيم﴾

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے پھر (یا رحمٰن یا رحیم) ۲۰۰ دفعہ کہے وہ دنیا و آخرت میں سے جس چیز کی خواہش کرے اُسے پالے گا۔

جو شخص منزلۃ البلدۃ میں چاند کے نزول کا مشاہدہ کرے سورت فاتحہ اور آیت:

﴿وَكَذَٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَىٰ وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ﴾

ترجمہ: ''اور اسی طرح تیرے رب کی گرفت ہے جب وہ بستیوں میں رہنے والوں کی گرفت کرتا ہے اور وہ ظلم کر رہے ہوتے ہیں بے شک اُس کی گرفت دردناک اور شدید ہے۔''

پھر (یا شدید یا شدید) [illegible] پڑھے اور اپنے [illegible] کا قصد کرے جو اُسے

نقصان پہنچانا چاہتا ہے تو اُسے دشمن کے مقابلے میں فتح حاصل ہوگی۔

جو شخص منزلہ الذابح میں چاند کے حلول کا مشاہدہ کرے اور سورت فاتحہ اور آیت:

﴿ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُوا إِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ﴾

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے پھر (یا تواب) ۴۰۰ مرتبہ کہے وہ دین و دنیا اور آخرت کی ہر مکروہ چیز سے محفوظ ہوگا۔

جو منزل سعد بلع میں اُس کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے اور دو رکعت نماز سورت فاتحہ اور آیت:

﴿رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ﴾ اور آیت:

﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ﴾

کے ساتھ پڑھے پھر (یا ثبت) ۵۰۰ دفعہ کہے اس کے قدم ثابت رہیں گے اور اُسے نصرت و مدد دی جائے گی۔

جو شخص منزل سعد السعود میں چاند کے حلول کا مشاہدہ کرے۔ سورت فاتحہ و آیت:

﴿اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ﴾

کے آخر تک کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے پھر (یا خبیر یا خالق) ۲۰۰ دفعہ کہے تو اُس کی بات مانی جائے گی اور اُن کی شان بلند ہو جائے گی۔

جو منزل سعد الخبیہ میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے سورت فاتحہ و آیت:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيرًا وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا﴾

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے (یا قابل القول) ۷۰۰ مرتبہ کہے تو اُس کی دعا قبول ہوگی اور اُس کی بات مانی جائے گی۔

جو شخص منزلۃ فرع المقدم میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے اور سورت فاتحہ

آیت:

﴿یُضِلُّ اللّٰہُ الظّٰلِمِینَ وَ یَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ﴾

ترجمہ: ''اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دے گا۔ وہ جیسے چاہتا ہے کرتا ہے۔''

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے پھر یا ضار ۸۰۰ دفعہ کہے اور دشمن کے ساتھ برائی کا قصد کرے تو وہ دشمن پر ہر طرح سے فتح و نصرت و کامیابی پائے گا۔

جو منزلۃ فرع المؤخر میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے اور سورت فاتحہ و

آیت:

﴿اَلَا لَعْنَةُ اللّٰہِ عَلَی الظّٰلِمِینَ الَّذِینَ یَصُدُّونَ عَنْ سَبِیلِ اللّٰہِ وَیَبْغُونَهَا عِوَجًا وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ کٰفِرُونَ﴾

ترجمہ: ''اللہ کی اُن ظالم لوگوں پر لعنت ہے جو اللہ کے راستے سے روکتے ہیں اور اُس میں کجی چاہتے ہیں اور وہ آخرت کے ساتھ یقین نہیں رکھتے''

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے اور (یا قاہر) ۹۰۰ دفعہ پڑھے اُسے دشمن پر غلبہ و نصرت حاصل ہوگی۔ جو شخص منزلۃ الرشا میں چاند کے نازل ہونے کا مشاہدہ کرے اور سورت فاتحہ اور آیت:

﴿اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیمًا فَاٰوٰی وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَهَدٰی وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی﴾

ترجمہ: ''بھلا اُس نے تمہیں یتیم پاکر جگہ نہیں دی بے شک دی اور راستے سے ناواقف پایا تو سیدھا راستہ دکھایا۔ تنگ دست پایا تو غنی کر دیا۔''

کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے پھر (یا غنی یا غالب) ہزار دفعہ پڑھے تو اُس کی حاجت پوری ہوگی۔ اُس کی بات مانی جائے گی اور اُس کی شان بلند ہو جائے گی اور اُس کا حال اچھا ہو جائے گا۔

عزت و ہیبت کے لئے

تم یہ وفق لکھو جیسے تم دیکھ رہے ہو۔ اسے اپنے پاس رکھو اور ہر نماز کے بعد (یا عزیز) کے ۹۴ دفعہ ذکر کرنے کو لازم کرلو۔

ع	ز	ی	ز
۲	۱۵	۵۸	۱۹
۶	۱۳	۸	۶۷
۱۶	۵۹	۱۸	۱

اس کے بعد آنے والا کلام تین دفعہ پڑھو:

﴿رَبِّ اَوْقِفْنِي مَوْقِفَ الْعِزِّ وَالْكَمَالِ وَالْبَهْجَةِ وَالْجَلَالِ حَتّٰى لَا اَجِدَ فِيْ ذَرَّةٍ وَلَا دَقِيْقَةٍ اِلَّا وَقَدْ غَشِيَهَا مِنْ عِزِّ عِزِّكَ مَا يَمْنَعُهَا مِنَ الذُّلِّ لِغَيْرِكَ حَتّٰى اُشَاهِدَ ذُلَّ مَنْ سِوَاىَ لِعِزِّيْ بِكَ مُؤَيَّدًا بِرَقِيْقَةٍ مِنَ الرُّعْبِ يَخْضَعُ لِيْ بِهَا كُلُّ شَيْطَانٍ مَرِيْدٍ وَجَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَاَبْقِ عَلَىَّ ذُلَّ الْعُبُوْدِيَّةِ فِي الْعِزِّ بَقَاءً يَبْسُطُ لِسَانَ الْاِعْتِرَافِ وَيَقْبِضُ لِسَانَ الدَّعْوٰى اِنَّكَ اَنْتَ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْقَهَّارُ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا﴾

ترجمہ: ''اے میرے رب مجھے عزت، کمال، رونق اور جلال کا مقام دے یہاں تک کہ میں ہر وقت اور ہر جگہ تیری طرف سے عزت پاؤں جو مجھے ڈھانپ لے عزت و ذلت دینے والا تو ہی ہے۔ تیری طرف سے مجھے مدد حاصل ہو جس کے ڈر سے ہر شیطان مرید اور جبار پست ہو جائے۔ زبان اعتراف کرے [illegible] اور دعویٰ کی زبان رک جائے۔ بے شک تو ہی جبار متکبر اور قہار ہے اور تم کہو کہ تعریف اللہ کے لئے ہے [illegible] اور اس کا۔

سلطنت میں کوئی شریک نہیں ہے۔ نہ کمزوری کی وجہ سے اُس کا کوئی مددگار ہے اور اُس کی بڑائی بیان کرو۔"

فصل: اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کے ساتھ تصرف کی کیفیت کے بارے میں بیان

"اَھَمِیۡثًا. مَمۡلِکَ. خَلۡعَ. یُھَس" ہر اُس معاملے میں جس میں طالب خیر و شر چاہتا ہے۔

تمہیں معلوم ہو کہ اس اسم کا نام المفتاح رکھا گیا ہے۔ اس کے اعداد ۱۱، ۱۱۱ اور ۱۱۱۱ ہیں۔ اُس کے لئے ضمہ مطلق اور اسم شریف ہے۔ ان تینوں کے اجتماع سے مطلوب پورا ہوتا ہے۔ جب تم اس کے ساتھ تصرف کا ارادہ کرو تو تم ان تینوں اعداد میں سے ایک پڑھو اس کے بعد ضمہ کی قرأت تین دفعہ کرو۔ پھر اسم شریف ۷۵ دفعہ پڑھو پھر تم اس کے چھوٹے عدد کے ساتھ اُسے ۱۰۰ دفعہ پڑھو۔ اگر تم اُسے اُس کے درمیانی عدد کے ساتھ ۱۰۰۰ دفعہ پڑھو اور اگر تم اُسے اُس کے بڑے عدد کے ساتھ پڑھو تو تم مطلق کے ساتھ تین دفعہ ختم کرو اور یہ ضمہ کی صفت ہے:

ضمہ:

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡاَلُکَ بِحُرۡمَةِ ذَاتِکَ وَثَنَاءِ صِفَاتِکَ وَجَلَالِ اسۡمِکَ وَنُوۡرِ وَجۡھِکَ وَوَاسِعِ کَرَمِکَ وَاِنۡفَاذِ حُکۡمِکَ وَوَفَاءِ عَھۡدِکَ اَنۡ تُسَخِّرَلِیۡ رُوۡحَانِیَّةِ ھٰذَا الۡاِسۡمِ الشَّرِیۡفِ یَکُوۡنُ لِیۡ عَوۡنًا عَلٰی قَضَاءِ حَاجَتِیۡ وَ اِجَابَةِ دَعۡوَتِیۡ. اَللّٰھُمَّ لَاتَکُوۡنُ لِیۡ حَاجَةٌ وَلَکَ فِیۡھَا رِضَاءٌ وَلَنَا فِیۡھَا صَلَاحٌ اِلَّا وَقَضَیۡتَھَا یَا رَبَّ الۡعَالَمِیۡنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَسَلَّمۡ.

اور یہ اسم شریف کی صفت ہے تم ہو:

اَللّٰهُمَّ اِنّي اَسْأَلُکَ يَا کَحْحُ کَهْکَحْحُ کَلْهَحَ مَکْهَيْخ يَسْعطاطٌ قَلْعَدٌ مَهَلْهَاءُ سَهَلْمِيُّ وَرُوْرَهٗ يَا هُوَ هُوَ کَيَا سَعِيْدٌ مُرْطَعَهَ لَهَطْبَالُ مَهْطِيُوْلٌ۔ وَهُوَ اِسْمُکَ الْعَظِيْمُ الْاَعْظَمُ الَّذِیْ اِذَا دُعِيْتَ بِهٖ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَيْتَ اَسْأَلُکَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ وَتَقْضِیْ لِیْ حَاجَتِیْ وَهِیَ کَذَا وَکَذَا.

اور یہ مغلاق کی صفت ہے تم اس طرح کہو:

رَبِّ اَسْأَلُکَ مَدَدًا رُوْحَانِيًّا تَقْوٰی بِهٖ قُوَّةُ قُوَایَ الْکُلِّيَّةِ وَالْجُزْئِيَّةِ حَتّٰی اَقْهَرَ بِقُوَّةِ اِشَارَةِ نَفْسِیْ کُلَّ نَفْسٍ قَاهِرَةٍ فَيَنْقَبِضُ لِیْ اِنْقِبَاضًا يَسْقُطُ بِهٖ قُوَاهَا فَلَا يَبْقٰی فِی الْکَوْنِ ذُوْ رُوْحٍ اِلَّا وَنَارُ الْقَهْرِ اَخْمَدَتْ ظُهُوْرَهٗ يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ يَا قَهَّارُ اَسْأَلُکَ بِمَا اَوْدَعْتَهٗ عِزْرَائِيْلَ مِنْ قُوَّةِ اَسْمَائِکَ الْقَهْرِيَّةِ فَانْفَعَلَتْ لَهُ النُّفُوْسُ بِالْقَهْرِ اَنْ تَکْسُوَنِیْ هٰذَا السِّرَّ فِیْ هٰذِهِ السَّاعَةِ حَتّٰی اُلَيِّنَ بِهٖ کُلَّ صَعْبٍ وَّاُذِلَّ بِهٖ کُلَّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِحَقِّ اِسْمِکَ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اِذَا دُعِيْتَ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَيْتَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ﴾

ترجمہ: ''اے اللہ میں تیری ذات کی حرمت تیری صفات کی تعریف تیرے نام کے جلال تیری ذات پاک کے نور تیرے وسیع کرم تیرے حکم کے نافذ کرنے اور تیرے عہد وفا کے ساتھ سوال کرتا ہوں کہ تو میرے لئے اس اسم شریف کی روحانیوں کو مسخر کردے جو میری حاجت کے پورے ہونے اور میری دعا کی قبولیت کے لئے میری مددگار ہوں۔ اے اللہ تیری رضا سے میری ہر حاجت پوری ہو اور اس میں میرے لئے بہتری ہو اے رب العالمین تو ہی جو فیصلہ کردے اور سیدنا محمد ﷺ اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر درود و سلام بھیج (اور یہ اسم شریف کی صفت ہے) تم کہو اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے (کَحْحُ کَهْکَحْحُ مَکْهَيْخ

يَسْعَطَاطَ قَلْبَعْدَ مَهْلَهَا سَهَلْيِمَي وَرُوزُه يَا هُو يَا هُوا كَيَا سَجيكَ سَبو
طَعَهْ طَهَطَيَالْ مَهَطَهُولَه﴾

وہ تیرا اسم اعظم ہے وہ اسم ہے جب اُس کے ساتھ دعا مانگی جائے تو قبول ہوتی ہے۔" جب اُس کے ساتھ سوال کیا جائے تو عطا کر دیا جاتا ہے۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو نبی کریم ﷺ اُن کی آل اور اُن کے اصحاب پر درود و سلام بھیج اور فلاں فلاں میری حاجت پوری کر دے۔ (اور یہ مطلق کی صفت تم اس طرح کہو۔)

اے میرے رب میں تجھ سے روحانیوں کی مدد طلب کرتا ہوں جو جزوی وکلی تمام طاقتوں کو قوی کر دیں یہاں تک کہ میں ہر قہر کرنے والے پر اپنی ذات کے اشارے کی طاقت سے غالب آ جاؤں کہ اُس کی طاقتیں رک جائیں کہ مجھ پر ظلم کرنے والی کوئی ذات باقی نہ رہے کہ اُس کا ظہور مٹ جائے اے سخت گرفت والے اے قہار میں تجھ سے اُن ناموں کی قوت سے سوال کرتا ہوں جو قہریہ ہیں اور تم نے انہیں عزرائیل علیہ السلام کو امانت کے طور پر دیا کہ تو اسی ساعت میں اس راز کا لباس پہنا دے جس سے میں قبر و مشکل کو آسان کر لوں اور تیرے اسم اعظم کے حق میں ہر جبار عنید پست ہو جائے وہ نام ہے جس کے ساتھ جب دعا مانگی جائے تو قبول ہوتی ہے جب اُس کے ساتھ سوال کیا جائے تو عطا کیا جاتا ہے۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

تمہیں معلوم ہو کہ اس اسم جلیل کے بہت فوائد ہیں اور اتنے خواص ہیں کہ اُن کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔ اُن فوائد و خواص میں سے یہ ہے کہ جس نے اُسے کھانے یا پینے کی چیز پر ۱۱ دفعہ پڑھا اور اُسے وہ کھانا یا پینے کی چیز دی جسے وہ چاہتا ہے۔ وہ اُسے کھائے یا پی لے تو وہ اُس سے شدید محبت کرے گا۔

جو اسے دشمنی کے موقع پر ۱۱ دفعہ پڑھے تو اسے اپنے دشمن پر غلبہ اور نصرت حاصل ہو گی جو شخص اسے دشمن کے سامنے اُس کے منہ پر پڑھے تو دشمن قہر زدہ اور مغلوب ہو جائے گا جو کسی ظالم حاکم کے پاس جائے اور اسے پڑھے تو اُس کے ظلم سے محفوظ رہے گا اور اُسے نجات حاصل ہو گی۔

جو اسے مٹی پر ۱۱ دفعہ پڑھے اور دشمن کے لشکر پر وہ مٹی پھینکے تو دشمن کو شکست ہو گی جو اسے ہر نماز کے بعد ۱۱ دن ۱۱ دفعہ پڑھے اور دشمن کو نقصان پہنچانے کا ارادہ کرے تو وہ یہ سب حاصل کرے گا۔

جس شخص کے لئے کام مشکل ہو جائے تو اسے چاہئے کہ دو رکعت نماز پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد:

﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ﴾

تین دفعہ سورت فاتحہ پڑھے اور دعا بھی پڑھے اور اسم شریف ۱۱۱۱ دفعہ پڑھے اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے طلب کرے تو وہ اُسے حاصل کرے گا۔

جو شخص ارادہ کرے کہ وہ نبی کریم ﷺ کو نیند میں دیکھے تو وہ اسم ۱۱ دفعہ اور دعا سات دفعہ پڑھے اور سو جائے تو بے شک وہ نبی سید دو عالم ﷺ کو خواب میں دیکھے گا۔

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ ڈاکوؤں اور چوروں سے محفوظ رہے تو اُسے چاہئے کہ دو رکعت نماز پڑھے پھر اسم کی تلاوت ۱۱۱۱ دفعہ کرے اور دعا بھی پڑھے۔ پھر وہ اپنے سفر کے لئے نکل جائے تو وہ امن کے ساتھ مطمئن رہے گا اور نفع و کامیابی کے ساتھ صحیح سالم آئے گا۔ جو نفرت کرنے والے لوگوں کے درمیان صلح چاہے تو وہ دو رکعت نماز پڑھے اس کے بعد اسم کی تلاوت ۱۱۱۱ دعا کو ۱۱ دفعہ پڑھے پھر وہ کہے:

﴿عَقَدْتُ اَلْسِنَتَكُمْ عَنْ بَذِى الْقَوْلِ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْ فِعْلِ السُّوْءِ وَقُلُوْبَكُمْ عَنْ اِضْمَارِ الْاَذٰى وَاَلْقَيْتُ بَيْنَكُمُ الْاُلْفَةَ وَالْمَوَدَّةَ﴾

جو آنے والا وفق لکھے اور اُس کے ارد گرد دعا لکھے اور اُسے اپنے پاس رکھے تو وہ تمام نقصان دینے والی چیزوں سے محفوظ رہے گا۔ اُس پر کسی جادو کا اثر نہیں ہو گا اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے انسان، جن و حیوان سے اسے کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی۔ جو اُسے پیسوں کی جیب میں رکھے تو وہ ہرگز خالی نہیں ہو گی۔ جو اسے اجناس میں رکھے تو اسے کوئی تکلیف اور نقصان نہیں پہنچے گا۔ جو

اُسے زراعت، کھیتی باڑی کی جگہ کے وسط میں رکھے تو اُس کے پھل اچھے ہوں گے اور اُس میں برکت زیادہ ہو جائے گی۔

جو اُسے اپنے گھر میں لٹکائے تو اُس گھر میں کوئی چور، ظالم یا حاسد داخل نہیں ہو سکے گا۔ یہ وفق کی شکل ہے:

۷۸۶

ا	ه	م	س	ق	ک	ح	ل	ع	ی	ص
ه	م	س	ق	ک	ح	ل	ع	ی	ص	ا
م	س	ق	ک	ح	ل	ع	ی	ص	ا	ه
س	ق	ک	ح	ل	ع	ی	ص	ا	ه	م
ق	ک	ح	ل	ع	ی	ص	ا	ه	م	س
ک	ح	ل	ع	ی	ص	ا	ه	م	س	ق
ح	ل	ع	ی	ص	ا	ه	م	س	ق	ک
ل	ع	ی	ص	ا	ه	م	س	ق	ک	ح
ع	ی	ص	ا	ه	م	س	ق	ک	ح	ل
ی	ص	ا	ه	م	س	ق	ک	ح	ل	ع
ص	ا	ه	م	س	ق	ک	ح	ل	ع	ی

اور یہ دعا تم کہو:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَلْفِ الْوَجِیْهٰتِ یَا اَللّٰهُ یَا بَهَّاءُ الْهِدَایَةِ یَا هَادِیْ وَمِیْمِ الْمُلْكِ یَا مَلِكُ وَسِیْنِ السَّلَامَةِ یَا سَلَامُ وَقَافِ الْقَهْرِ یَا قَهَّارُ وَكَافِ الْكِفَایَةِ یَا کَافِیْ

وَبِحَاءِ الْحِلْمِ يَا حَلِيْمُ، وَبِلَامِ اللُّطْفِ يَا لَطِيْفُ، وَبِعَيْنِ الْعِلْمِ يَا
عَلِيْمُ، وَبِيَاءِ الْمِنَنِ يَاذَا الْيُمْنِ وَبِصَادِ الصَّمَدَانِيَّةِ يَا صَمَدُ يَا اَللّٰهُ يَا
وَاحِدُ يَا اَحَدُ يَا كَافِيْ يَا كَفِيْلُ اَنْتَ اِلٰهُ مَنْ فِي السَّمٰوَاتِ وَمَنْ فِي
الْاَرْضِ وَاَنْتَ الْهَادِيْ يَا هَادِيْ اِهْدِنِيْ اِلٰى سَوَاءِ السَّبِيْلِ يَا مُؤْمِنُ
يَا مُهَيْمِنُ يَا سَلَامُ سَلِّمْنِيْ مِنْ آفَاتِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، يَا قَاهِرُ اقْهَرْ
عَدُوِّيْ وَاجْعَلْنِيْ قَاهِرًا غَيْرَ مَقْهُوْرٍ وَاكْفِنِيْ شَرَّ مَاقَضَيْتَ يَا كَرِيْمُ
يَا كَفِيْلُ يَا كَافِيْ اكْفِنِي السُّوْءَ بِمَا شِئْتَ وَكَيْفَ شِئْتَ اِنَّكَ عَلٰى
مَاتَشَاءُ قَدِيْرٌ يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا لَطِيْفُ الْطُفْ بِيْ فِي الْاُمُوْرِ
وَعَلِّمْنِيْ مِنْ لَّدُنْكَ عِلْمًا تَنْفَعُنِيْ بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَاعْفُ عَنِّيْ
يَا اَللّٰهُ يَا هَادِيْ يَا مَلِكُ يَا سَلَامُ يَا قَاهِرُ يَا كَافِيْ يَا حَلِيْمُ يَا لَطِيْفُ يَا
عَلِيْمُ يَا صَمَدُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ

ترجمہ: ''بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللہ تعالیٰ سیدنا محمد ﷺ اُن کی آل اور اُن کے اصحاب پر
درود وسلام بھیجے اے اللہ میں تیری الوہیت کے الف' ہدایت وھادی کے ھاء' مالک ملک کے میم
بعض حکماء نے کہا کہ مصر کی سرزمین پر نو (۹) چھلکے پائے جاتے ہیں۔ اُن تمام میں فائدے ہیں۔ وہ ہیں (۱) دنبلس کا چھلکا (۲) زرد رنگ کے خربوزے کا چھلکا (۳) سبز خربوزے کا چھلکا (۴) بندق درخت کے پھل کا چھلکا (۵) نارنگی کا چھلکا (۶) انار کا چھلکا (۷) بادام کا چھلکا (۸) خشخاش کا چھلکا (۹) کیلے کا چھلکا۔

دنبلس کے چھلکے کے فوائد میں سے یہ ہے کہ جب اُسے جلا کر باریک کیا جائے اور حمام میں سر کے بال منڈانے کے بعد ایسے شخص کے سر پر لگایا جائے جس کے بال گر گئے ہوں تو سر پر بال اُگ آتے ہیں جب اُسے جلا کر شہد میں ملایا جائے پھر اونٹ کے بالوں کے ساتھ عمل کیا جائے (یعنی قوام کو اونٹ کے بالوں کے کپڑے پہ رکھے) اُسے پھر وہ عورت رکھے جسے خون کے جاری ہونے کی تکلیف ہے تو اُس کا خون بند ہو جائے گا اور وہ ٹھیک ہو جائے گی۔

جہاں تک زرد خربوزے کے چھلکے کا تعلق ہے تو اُس سے فوائد میں سے یہ ہے کہ جب اُسے خشک کر کے باریک پیس کے ایک مثقال کیا جائے پھر صاف کپڑے میں لف کر کے (باندھ کر) اُس ہانڈی میں ڈالا جائے جس میں گوشت گل نہیں رہا تو اُس کے ڈالنے سے گوشت گل جائے گا۔ اُس کے کھانے میں مزہ آئے گا اور اُس کی بہت اچھی خوشبو ہو جائے گی۔ سبز خربوزے کے چھلکے کے فوائد میں سے یہ ہے کہ جب اُسے سائے میں خشک کر کے یعنی سکھا کر اُسے باریک پیسا جائے اور اُس کا سفوف پیشاب کی رکاوٹ والا آدمی جلاب کے پانی کے ساتھ دو مثقال یا دو اوقیہ حمام میں گرم پانی والے حوض کے قریب لے تو وہ اُسی وقت ٹھیک ہو جائے گا۔

بندق کے چھلکے کے فوائد یہ ہیں کہ جب اُسے دو [illegible] پوری رات

پانی میں رکھا جائے۔ پھر اُسے نرم آگ پر جوش دے یہاں تک کہ عناب کی طرح سرخ پانی ہو جائے۔ اُسے صاف کرے۔ اچھی دونوں بغلوں کو ٹھنڈے پانی کے ساتھ دھوئے کپڑے کے ساتھ دونوں کو صاف کرے پھر دوسری دفعہ بندق کے چھلکے کے پانی کے دھوئے اور کپڑے کے بغیر اُن کو ہوا میں خشک کرے۔ دو یہ عمل تین دفعہ دہرائے۔ اس کے بعد اُس کی آخری عمر تک اُس کی بغلوں سے بد بو نہیں آئے گی۔ بلکہ اچھی خوشبو آئے گی اور جب اسے کز در بالوں پر لگایا جائے تو بال لمبے اور خوبصورت ہوں گے۔

نارنگی کے چھلکے کے فوائد:

جو شخص اُس میں سے نصف درہم کھائے تو اُس سے مروڑ و اشلمن' قولنج' ریاح' تبخیر اور پیٹ میں گڑگڑاہٹ کی آواز کی تکالیف دور ہو جائیں گی۔ اس سے کھانا ہضم ہوتا ہے اور معدے کی خرابی دور ہو جاتی ہے۔

انار کے چھلکے کے فوائد میں سے یہ ہے کہ جب اُسے پانی میں جوش دیا جائے اور اُسے پچش والا مریض پیئے تو وہ ٹھیک ہو جائے گا جب اُسے باریک پیس کر داد چنبل بیماری والے آدمی کی داد کی ایسی جگہ پر لگایا جائے جہاں سے زرد پانی بہہ رہا ہے تو داد کی تکلیف دور ہو جائے گی اور اس کے بعد یہ دوبارہ نہیں ہو گی۔

بادام کے چھلکے کے فوائد میں سے یہ ہے کہ جب اُسے پانی میں جوش دے کر کھانسی والا آدمی پیئے تو وہ ٹھیک ہو جائے گا خشخاش کے چھلکے کے فوائد میں سے یہ ہے کہ جب اُسے باریک پیس کر ایک مثقال لیا جائے۔ اُس میں ایک مثقال طلل اسوانی اور ایک مثقال سفید زیرہ کو ملا کر تینوں کے سفوف سے تین دن ایک مثقال لیا جائے تو خون بہنے کی تکلیف' پچش اور کھانسی ختم ہو جائے گی اور بادام کے چھلکے کے فوائد میں سے یہ ہے کہ اُسے سبز حالت میں لے کر باریک کر کے اُس ناک پانی کے قطرے گہرے زخم پر ڈالے جائیں۔ بے شک وہ زخم مندمل ہو جائے گا اور وہ [illegible]

فائدہ: پیشاب کی رکاوٹ کے لئے ہے

تم تین درہم وزن برابر انڈے کا چھلکا لو اس میں ایک اوقیہ سفید چینی ملاؤ۔ مریض ان دونوں کا سفوف تین دن استعمال کرے۔ اُسے شفا ہو گی۔

فائدہ: پیٹ کے کیڑوں کے اخراج کے لئے ہے

بعض حکماء نے کہا کہ جس کے پیٹ میں کیڑے ہوں اور وہ ارادہ کرے کہ کسی مسہل کے بغیر اُن کو مارے تو اپنے آپ پر گندم کے دانے اور پودینہ لازم کرلے وہ دونوں لے کر انہیں چبائے اور اُن دونوں کے ساتھ اپنی تھوک چوسے اس شرط کے ساتھ کہ وہ تھوک نہ نگلے پھر ایک گھنٹہ سو جائے پھر کھڑا ہو اور پودینے کا پانی پی لے اُس کے پیٹ میں کیڑے مر جائیں گے اور جو شخص آڑو کے پتے باریک پیس کر اُن کا پانی اُس شخص کی ناف پر لگائے جس کے پیٹ میں کیڑے ہوں اور اُسے ایک گھونٹ منہ نہار پلائے بے شک اُس کے پیٹ کے کیڑے مر جائیں گے۔

جو شخص کھٹے اور میٹھے انار کی جڑ لے اُسے ہاون دستے میں باریک کر کے خالص پانی کے ساتھ ایک ہفتہ لے پھر اُسے جوش دے یہاں تک کہ اُس پانی کا تیسرا حصہ رہ جائے وہ اس پانی سے ایک گھونٹ پیئے تو اُسی وقت اُس کے پیٹ کے کیڑے مر جائیں گے۔

جو شخص کڑوے ترمس (ایک قسم کی نباتات ہے جس کا بیج مزے میں کڑوا ہوتا ہے) کو پیس کر گنے کے رس اور سرکے کے ساتھ گوندھے وہ اُسے کھائے تو اُن کے پیٹ کے کیڑے مر جائیں گے۔

فائدہ: کھٹمل کے مارنے کے لئے ہے

جب ترمس کے بیج کو پانی کے ساتھ ملا کر کھٹمل کی جگہوں پر چھڑکا جائے تو کھٹمل اور اُن کے انڈے مر جاتے ہیں۔

فائدہ: بعض اطباء کہتے ہیں:

کہ جو شخص لہسن کو بھونے اور دو درہم وزن لے کر اُس کے ساتھ نصف اوقیہ شہد ملائے۔ اُسے منہ نہار زبان سے چاٹے تو بلغم نکل جائے گا اور پیٹ کے کیڑے مر جائیں گے۔

جب لہسن کو باریک پیس کر اُس کا مرہم بنالیا جائے اور اُسے سانپ یا بچھو کے ڈسنے کی جگہ پر لگایا جائے تو درد دور ہو جائے گا۔

جو شخص سفر کرے اور سفر میں اُس کے لئے پانی کی تبدیلی ہو تو وہ لہسن کا جو کھائے تو وہ تبدیلی کے اثر سے محفوظ رہے گا اور اُسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکے گی۔

جسے پرانی کھانسی کی شکایت ہو تو وہ لہسن کا جوا لے اُس کا چھلکا اتارنے کے بعد اُسے گندھے ہوئے آٹے کی ٹکیہ کے اندر رکھ کر پکائے یہاں تک کہ وہ پک جائے تو وہ اُسے روٹی سے نکال کر شہد کے ساتھ ملا کر کھائے تو بے شک وہ ٹھیک ہو جائے گا۔

جس کے منہ یا گلے میں جونک داخل ہو جائے وہ لہسن کی جڑ لے اُسے آگ میں ڈالے۔ اُس کا دھواں اٹھے گا اور وہ اُسے اپنے منہ میں لے۔ بے شک جونک اُسی وقت نیچے گر جائے گی۔ جس شخص کو داڑھ دانتوں کی تکلیف اور درد ہو تو لہسن لے اُسے باریک پیس کر اُس کے ساتھ سرکہ، نمک اور شہد ملائے اس کا قوام بنائے تا کہ وہ مرہم کی طرح ہو جائے۔ پھر اُسے ایک درہم وزن داڑھ یا دانت پر رکھے تو درد سے سکون ہو جائے گا۔

جسے داد ہو جائے تو وہ لہسن لے اور اُسے جلائے یہاں تک کہ راکھ ہو جائے تو اسے انار کے چھلکے کے پسے ہوئے سفوف پر رکھے۔ اُسے خمر کے سرکے میں ملا کر قوام بنائے۔ پھر اُسے داد کی جگہ لگایا جائے۔ اُس جگہ سے زرد رنگ کا پانی نکلے گا اُسے مذکورہ لہسن سے آلودہ کرے تو مریض ٹھیک ہو جائے گا۔

جو شخص کمر کے درد کی شکایت کرے تو اُسے چاہیے کہ تین درہم لہسن، کلونجی اور زیرہ لے کر تینوں کو ملائے اور کڑاہی [illegible] لے اُس پر تین درہم گوں کا تیل اور ایک اوقیہ پاک تیل ڈالے۔ کڑاہی کو آگ پر رکھے [illegible] جائے گا۔ [illegible] تین دفعہ

رکھے جب انڈے قوام میں آدھے پک جائیں تو آگ سے اتار لے۔ تین درہم راسن کا عرق لے اُسے انڈوں کے اوپر ڈال کر یہ سارا ایک اوقیہ روٹی کے ساتھ کھالے بشرطیکہ اُس کے ساتھ کوئی ٹھنڈی چیز نہ لے اور ایک فلکی ساعت تک پانی نہ پیئے بے شک وہ پورے سال تک کمر کے درد سے محفوظ رہے گا۔

فائدہ: پیاز کے فوائد

بعض اطباء نے کہا کہ پیاز گرم ہے اور اُس میں رطوبت ہے۔ وہ پانی کی تبدیلی پر نفع دیتا ہے۔ جب گرمی کے موسم میں انسان مسافر ہو تو وہ زہریلی ہوا کے نقصان کو دفع کرتا ہے۔ وہ پیاز سونگھے وہ زہریلی ہوا کے ضرر کو دور کرتا ہے۔ وہ شہوت کو بڑھاتا ہے۔ معدے کو تقویت دیتا ہے۔ وہ باہ کو ابھارتا اور منی زیادہ کرتا ہے۔ رنگ کو خوبصورت بناتا اور بلغم نکالتا ہے۔ پیاز معدے کو قوی کرتا ہے۔ جس کے جسم پر برص ہو تو وہ پیاز کے بیج کو باریک کر کے استعمال کرے۔ وہ پیاز کا پانی لے کر اُسے برص کی جگہ پر لگائے بے شک وہ ٹھیک ہو جائے گا۔ جسے ٹھوڑی یا بالوں میں ثعلب (بال گرنے کی بیماری) ہو جائے تو وہ اپنے اوپر پیاز کے بیج کو لازم کر لے۔ اُسے کالے زیرے کے ساتھ باریک پیس لے اور اچھے تیل کے ساتھ قوام بنائے۔ پھر اس تیل کو ثعلب بیماری کی جگہ لگائے۔ بے شک وہ ٹھیک ہو جائے گا۔ جسے انگلیوں میں ثا ٔیل کی تکلیف کی آزمائش میں ڈالا جائے تو وہ پیاز کا بیج لے اُسے باریک پیس کر نمک کے ساتھ ملائے۔ سرکے میں اُس کا قوام بنا کر ثا ٔیل کی جگہ لگائے۔ بے شک ثا ٔیل کی تکلیف چلی جائے گی۔ جو کوئی مسہل دوائی پیئے اور اُسے قے اور جی متلانے کی تکلیف ہو جائے تو وہ پیاز سونگھے تو اس سے یہ تکلیف چلی جائے گی۔ جس کے کانوں میں سماعت کے ثقل کی تکلیف ہو تو وہ کانوں میں پیاز کا پانی قطرے قطرے ڈالے اُس کی تکلیف دور ہو جائے گی جس جانور کی آنکھوں میں سفیدی آ رہی ہو تو اُس [illegible] آنکھوں میں پیاز کا پانی اور شہد ڈالا جائے تو جانور کی آنکھوں سے سفیدی چلی جائے گی۔ پیاز [illegible] یرقان [illegible] کی سختی [illegible] کو فائدہ دیتی ہے پیشاب کو جاری، طبیعت کو نرم کرتی اور اور کتے کے کاٹے کو فائدہ دیتی [illegible] جب اُسے پانی، نمک اور

سداب کے ساتھ کتے کے کاٹے پر لگایا جائے تو فائدہ دیتا ہے۔ جب اُسے بھون کر زخموں اور بواسیر کی جگہوں پر لگایا جائے تو وہ اُسے پکا کر زخم کر کے کھولتا ہے۔ خون اور گندے مادے کو صاف کرتا ہے۔ جسے نکسیر ہو تو اُسے چاہئے کہ وہ لبان کے ٹکڑوں کو باریک پیس کر پیاز کے پانی کے ساتھ اُس کا شیرہ بنائے۔ اُسے سوتی کپڑے پر ڈال کر اس کے قطرے ناک میں ڈالے بے شک نکسیر رک جائے گی۔

فوائد: نکسیر کو ختم کرنے کے لئے ہے

جو شخص نکسیر والے آدمی کے ناک کے نیچے گرم کھاد (گوبر) کی دھونی دے تو نکسیر رک جائے گی جو سداب پیس کر نکسیر والے آدمی کے ناک میں دھونی دے تو نکسیر رک جائے گی۔ جسے نکسیر ہو تو وہ خون کے ساتھ اپنا نام ہاتھ پر لکھ کر آنکھوں پر رکھے تو نکسیر ختم ہو جائے گی۔ وہ دونوں ہاتھوں کی چھنگلی اور اُس کے ساتھ والی انگلی ملا کر ہاتھ کھول دے تو بھی نکسیر رک جائے گی۔

فائدہ: سداب کے منافع

جب اُسے تیل میں جوش دے کر جسم پر لگایا جائے تو جوئیں ختم ہو جاتی ہیں۔

جب اُسے سبز ہونے کی حالت میں کان کے اندر ڈالا جائے تو درد سے آرام آ جاتا ہے۔ جورات کے وقت اکثر ناپاکی کی حالت میں ہو جائے اُسے چاہئے کہ اپنے اوپر سداب کی لکڑی اور سبز زیتون کی تشخیص لازم کر لے۔ دونوں کو کپڑے میں رکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ پھر اُسے بھی احتلام نہیں ہوگا چاہے وہ سو سال (زندہ رہے)۔

فائدہ: بعض حکماء کہتے ہیں کہ کثرت سے کھانا معدے اور پیٹ کو فاسد کرتا ہے اور اطباء نے کھانے کے ہضم ہونے سے قبل کھانے سے منع کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ وَّکُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ﴾

ترجمہ:

اے بنی آدم مسجد (جانے کے لئے) خوبصورتی قائم کرو۔ کھاؤ اور پیئو اور اسراف نہ کرو اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن آدم اپنے پیٹ کو لقموں سے بھر لیتا ہے۔

تو اس کے پیٹ کی ایک تہائی کھانے کے لئے ایک تہائی پینے کے لئے اور ایک تہائی سانس لینے کے لئے ہے۔

فائدہ: اُس سفوف کے بیان میں جسے فناش کا نام دیا گیا ہے

اطباء میں سے بعض نے کہا:

اے وہ شخص جو رات اس طرح گزارتا ہے جو مصیبتوں و رنجوں کے ملنے کی وجہ سے نہیں سو سکتا۔

اگر تمہیں ہاضمے کی قلت کی شکایت ہے تو کھانے اور کھانے کی دوسری چیزوں کی کثرت سے ہے اور اگر تمہیں سینے میں سانس کی تکلیف ہے تو سنو اور حق بات کو قبول کرو۔

ہمارا فناش کے نام سے معروف سفوف اعضاء کو نفع دینے میں مؤثر ثابت ہوا ہے۔ یا تمہیں رات کے وقت پیٹ میں ریح اور گڑگڑ کی آواز آتی ہے یا منہ کے ذریعے معدے کی ریح خارج ہوتی ہے۔

تو تمہارے لئے صاف پاک مرسبزی اور سفید شفاف لبان کے ٹکڑے ضروری ہیں۔ اسی طرح رومی سونف دار چینی قرص مصری اور زیرہ ہے اور اُن میں عرقوس ملاؤ۔ یہ چیزیں اصلاح کرتی ہیں۔ خرفے کے ساگ کے بیج کے ساتھ ہندبا کا بیج ملایا جائے اور حجم بھی اور جاروردہ۔ اُس سے نفع ہوگا۔ اسی طرح کرفس کا بیج، کھجور اور مصطگی ہے۔ ان کو میں نے تمہارے نفع کے لئے مرتب کیا ہے۔ جو کوئی پیٹ کی تکلیف کی شکایت کرتا ہے یا غذا کے ہضم نے اشتہا کی تو یہ دواء پیٹ کے اندر کی چیز کی گرمی کو بجھاتی ہے اور معدے کی گڑگڑ کی آواز اور

آنکھوں کی زردی کو فائدہ دیتی ہے اور برے رنگ کو اچھی اور خوبصورت رنگت میں بدل دیتی ہے۔

حکیم بقراط کی اپنے بیٹے کے لئے وصیت

حکیم بقراط نے اپنے بیٹے سے کہا۔ اے میرے بیٹے جو شخص ہمیشہ پانی کے ساتھ افطار کرے تو اُس کے اعضاء کمزور ہو جائیں گے اور اس کی قوت کم ہو جائے گی۔ جو پیاس کی حالت میں سوئے تو وہ علاج کراتا رہے کیونکہ وہ اس بات کو نہیں جانتا۔ جو شخص یاسمین اپنے سر کے نیچے رکھے تو وہ کالے موتیا سے محفوظ نہیں رہے گا جو اُس کی آنکھوں میں چاہے عرصے کے بعد ہو۔ اے میرے بیٹے جو شخص گرمی کے موسم میں اکثر ننگے پیر چلے اور اپنے دونوں پاؤں پر ٹھنڈا پانی ڈالے تو وہ آنکھوں میں خارش کی بیماری سے محفوظ نہیں رہے گا اور اسے پلکوں میں پھنسیوں کی تکلیف ہو جائے گی۔ اے میرے بیٹے جو شخص گرمی کے موسم میں ننگے پاؤں سفر کرے پھر درخت کے نیچے یا دیوار کے ساتھ سائے میں بیٹھا اور سر کھولے تو اُسے آدھے سر کا درد، سر درد ہو گا جو مار دینے والے ہوں گے۔

اے میرے بیٹے جو شخص ایسی حالت میں سفر کرے کہ شکم سیر ہو اور وہ جانور کی پشت پر بیٹھ کر سفر کرے تو وہ بچپن کی بیماری سے محفوظ نہیں رہے گا۔ جو بھوکے ہونے کی حالت میں سفر کرے اور پانی پر افطار کرے تو وہ استسقاء (پیٹ میں پانی پڑ جانا) کی بیماری سے محفوظ نہیں رہے گا۔ اے میرے بیٹے ایک حالت میں دودھ اور مچھلی کو اکٹھا نہ کرو کیونکہ اس سے قولنج، ریح، بواسیر، دانتوں و داڑھ کے درد کی بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ اے میرے بیٹے ایک وقت میں لہسن اور پیاز دونوں کے اکٹھے کھانے سے پرہیز کرو کیونکہ اس طرح بصارت کمزور ہوتی ہے۔ اے میرے بیٹے ایک ہی وقت میں مچھلی اور انڈے کھانے سے پرہیز کرو کیونکہ اس سے تلی کا درد اور معدے میں اختلاج پیدا ہوتے ہیں۔ جو پیٹ بھر کر کھانے کے بعد حمام میں داخل ہو تو اُسے فالج ہو جائے گا اور وہ اپنی ذات کو ملامت کرے گا۔ جو شخص اپنی بیوی کے ساتھ ایسی حالت میں مجامعت کرے کہ وہ حیض والی ہو تو ایسی حالت میں ... ہو گا تو وہ اپنی ذات کو ہی ملامت

کرے جو شخص رات کے وقت لیموں کھائے تو وہ بھینگا ہو جائے گا۔

میرے بیٹے تمہیں معلوم ہو کہ بہت سے لوگ میری اس کتاب کو پڑھتے ہیں اور اپنے بارے میں کہتے ہیں کہ میرے پیٹ میں یہ اکٹھے جمع ہوئے اور مجھے کوئی تکلیف نہ ہوئی۔ اگر چور ڈاکو کو اس بات کا علم ہو کہ وہ پہلی دفعہ پکڑا جائے گا تو وہ جسارت نہیں کرے گا بلکہ اُسے تردد ہو گا کہ اُس کا نام ظاہر ہو گا۔ اس کے بعد وہ گھر میں چوری کرے اور نفع دینے والی کوئی چیز اُس میں نہ چھوڑے تو گھر کا مالک اپنی حفاظت کے انتظام کی کمی پر نادم ہو گا۔

اے میرے بیٹے تمہیں علم ہو کہ آدمی کے جسم کی مثال زمین کی طرح ہے۔ جب آدمی کر کس کے اُس پر کام کرے تو وہ اُسے فائدہ دیتی ہے۔ وہ اُس کی کھیتی باڑی کی کوشش کر کے اُس کی پیداوار بڑھاتا ہے۔ اگر آدمی اُس سے غفلت کرے تو وہ زمین خراب ہو جاتی ہے اور اُس میں (بے کار) لکڑیاں اگتی ہیں۔ انسان کے جسم کا یہی حال ہے کہ کھانے پینے کی چیزوں میں تدبیر برتنی پڑتی ہے۔

اے میرے بیٹے تمہیں معلوم ہو کہ انسانی جسم کو قوام کی ضرورت ہے ہر آدمی کے لئے ضروری ہے وہ دیکھے کہ اُس کے معدے کے لئے کھانے پینے کی چیزوں میں سے کونسی موافق ہیں۔ اگر وہ ایسا عمل کرتا ہے جو اُس کے بدن کے لئے موافق نہیں ہے تو اُسے ضعف قلب، سر درد، دل کی تکلیف اور آنکھوں میں رمد جیسی بیماریاں ہو جاتی ہیں۔ اے میرے بیٹے اگر تم اپنے گھوڑے کی پشت پر سوار ہو تو تب بھی پیشاب اور پاخانے کو مت روکو کیونکہ اس سے پیٹ میں پوشیدہ بیماری پیدا ہوتی ہے۔ اے میرے بیٹے تم اپنے دائیں و بائیں پہلو اور کمر پر لیٹ کر مجامعت نہ کرو۔ پیٹ بھر کر یا بھوک کی حالت میں رات کے پہلے اور آخری حصے اور ناشتے کے وقت مجامعت نہ کرو۔ اے میرے بیٹے منی خون سے ہے جو تمام اعضاء سے نکلتی ہے جب تم میں سے کوئی مجامعت کرتا ہے تو ہر بال کے نیچے سے خون کے قطرے نکلتے ہیں کیونکہ حکماء کہتے ہیں نکاح کا عمل جسموں کی طاقت ہے جو نکاح کے عمل (مجامعت) کو لمبی مدت کے لئے چھوڑ دے تو اُس کے اعضاء کمزور ہو جاتے ہیں اُس کے جاری ہونے کے راستے بند ہو جاتے ہیں۔

اُس کا ذکر سکڑ جاتا ہے۔ اے میرے بیٹے ہر شخص کے لئے ضروری ہے کہ اپنی ذات کے ساتھ تین وعدے کرے ایک یہ کہ پیدل چلنا ترک نہ کرے۔ دوسرے یہ کہ کھانا (پینا) ترک نہ کرے اس سے آنتیں تنگ ہو کر سکڑ جاتی ہیں اور تیسرے یہ کہ جماع کو ترک نہ کرے کیونکہ اگر کنویں سے پانی نہ نکالا جائے تو وہ ختم ہو جاتا ہے۔ اے میرے بیٹے مجامعت کرنے والے کی مثال پانی کے ساتھ بھرے ہوئے مٹکے کی طرح ہے جب اسے پہلو پر کیا جائے تو کچھ پانی نکل جاتا ہے۔ جب وہ اپنی پہلو کے بل لیٹ کر مجامعت کرتا ہے تو منی نکلتی ہے مگر کچھ اندر رہ جاتی ہے۔ تو اس سے اُس کے جسم میں لوگوں سے مخفی یہاں تک کہ اپنی ذات سے بھی مخفی امراض پیدا ہو جاتے ہیں۔ جو بھی اسے ظاہری حال میں دیکھتا ہے اسے صحت کے ساتھ گمان کرتا ہے لیکن وہ باطنی طور پر بیماریوں کے گڑھے پر ہوتا ہے اور بستر پر پریشانی کے حالت میں ہوتا ہے۔ وہ رات کے وقت بستر پر اپنی بیوی کے ساتھ ہوتا ہے اور سوچتا ہے کہ وہ یہ کرے گا وغیرہ لیکن حقیقت میں اُس کا نظام خلل انداز ہو جاتا ہے۔ اُس کی شہوت کی آگ اگر ٹھنڈی بھی ہو جائے تو بھی عورت اُس سے وہ طلب کرتی ہے جو وہ کرنے کے قابل نہیں ہوتا انہیں وصال کی صحیح لذت حاصل نہیں ہوتی تو وہ اُس حال میں استعمال کی صحیح قدرت نہیں رکھتا۔ اکثر اوقات عورت اُسے طعنے دیتی ہے۔ میں اس سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ عورتیں اپنے مردوں کو اس وجہ سے جھڑکیں اور عقل مند کے نزدیک یہ تیر مارنے والوں کی ضرب سے بھی زیادہ مشکل اور تکلیف دہ ہے ہائے شرمساری شرمساری۔

صحبت کے وقت پہلو پر لیٹے ہوئے مجامعت کرنا ہی اس بیماری کا سبب ہے کہ آدمی مجامعت کے قابل نہیں رہتا۔ اے میرے فرزند لوگوں میں سے کچھ سرعت انزال کی شکایت کرتے ہیں کہ خواہش پوری نہیں ہوتی اور ایسے بھی ہیں جو بے خوابی کی کثرت کی وجہ سے سو نہیں سکتے۔ بے خوابی اُس آنکھ سے پیدا ہوتی ہے۔

اور حکماء کہتے ہیں کہ [illegible] کی اکثر وجہ پہلو پر مجامعت کرنا اور احتلام ہے۔ کیونکہ برتن کے اندر کی چیز کا پتہ اُس کے [illegible] کرنے سے چلتا ہے۔ یعنی نطفے کے جسم کے اندر

رہنے کے نتائج اچھے نہیں ہوتے۔ اس سے پیشاب کی رکاوٹ کی بیماری پیدا ہوتی ہے اور طرفین کو مجامعت کے وقت سرعت انزال کی بیماری ہو جاتی ہے۔

فائدہ: حزنبل کے خواص

اے طالب مخلوق کے لئے حزنبل کا راز اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہر فضیلت کے ساتھ مخصوص کیا گیا ہے۔

جو شخص اپنی کمر میں پرانی سردی اور درد کی ہر وقت اور ہر گھڑی شکایت کرتا ہے۔ اُسے چاہئے کہ اُسے پیس کر دو مثقال (وزن) لے اور اُس کے ساتھ شہد ملائے۔ اُسے تین دن کھائے اور اگر ایک ہفتہ لے تو میرے نسخے کی تعریف کی جائے گی۔ اسی طرح زہر کے ڈنک والا اُسے آہستہ اور اچھی طرح سے چبائے اور زہر کی جگہ اُس کے تیل کو لگائے وہ ساعت میں ٹھیک ہو جائے گا۔ تم اُس کا عجیب راز اور فضل دیکھو گے کہ وہ ڈنک والے کی تکلیف اور جلن کو کس طرح دور کرتا ہے۔

اُسے باریک پیس کر گدھی کے دودھ میں جوش دیا جائے اور ہر رات وہ اُسے ذکر پر لگائے تم اُس کا راز اور نفع دیکھو گے وہ مجامعت کے لئے اچھا اور شہوت کے لئے لذت پیدا کرتا ہے اور غلیظ ریاح کی بیماری والا اُسے باریک کر کے تین مثقال شکر کے ساتھ ملائے مثقال (وزن) اُس کا سفوف لے۔ اس پر زیادہ نہ کرے اور رغبت کے ساتھ اُس کے بعد سونٹھ لے۔ غلیظ ریاح کی تکلیف اور قولنج جلدی سے ختم ہو جائیں گے وہ اس کے بعد تفریح اور اصلاح لذت محسوس کرے گا۔

اور جسے ضعف بصارت کی تکلیف ہو کہ اُس کی نظر آدمی یا کمزور ہو جاتی ہے۔ وہ اس میں دار چینی اس کے برابر اور ایک حصہ شکر ملائے کر آنکھوں میں پروے کے بعد انہیں اب روشن محسوس کرے گا اور سفیدی و سرخی دور ہو جائے گی اور چبانے کی حالت میں دانتوں کے [illegible] بیماری اور [illegible] شفاء ہے اور جس کا خوبصورت چہرہ زرد ہو گیا ہے تو اس کے استعمال سے زردی سرخی میں بدل جائے گی۔

اُسے باریک پیس کر صاف پانی میں جوش دے کر پیئے تو اُس کی خوبصورتی اور طاقت بڑھ جائے گی۔ جسے سینے اور دل کی تکلیف ہے۔ حفظ دیر سے ہوتا ہے تو وہ مردے کو زندہ کرنے کی مثل ہے۔ وہ اُس میں لبان ملائے جو ایک نعمت ہے اور اُس پر محمد شہد ڈالے وہ ایک ہفتے کی مدت کے بعد حمام میں جائے۔ تین ہفتے مدت کو پورا کرنے کے لئے اس طرح کرے۔ وہ سخت چیز نہ کھائے تین دن پرہیز کرے۔ اُس کا ذہن ذکاوت والا اور درس قرآن داچھی تلاوت پر محافظ ہو جائے گا۔

اے حافظ تمہارے لئے حزنبیل کا راز واضح ہو گیا ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ نے ہر کرامت خاص کر دی ہے۔ حلال طلب کرنے والوں کی حاجت پوری ہو گئی۔

اُن کے لئے خوبصورت عورتوں کے ساتھ مجامعت کرنے میں لذت ہو گئی ہے میں اپنی نظم کو نبی کریم محمد ﷺ پر درود وسلام کے ساتھ ختم کرتا ہوں جو بہترین اُمت کے لئے مبعوث کئے گئے ہیں۔ اسی طرح اللہ کا سلام اور اُس کی رضا نبی کریم ﷺ کی آل اور اُن کے اصحاب پر ہو۔

اللہ تعالیٰ کی ذات بڑی پاک اور بلند ہے وہی ٹھیک بات کی توفیق دینے والا ہے اور اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ یہ اس کتاب کا آخری حصہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے آسان کر دیا۔ ﴿الحمد للہ رب العالمین﴾ اے اللہ تیرا عفو ہی بخشش کرے گا۔ تیرا فضل ہی گناہوں کو مٹائے گا۔ اے اللہ ہم تیری تعریف اس طرح نہیں کر سکتے جس طرح اس کا حق ہے۔ تیری ذات پاک ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں اللہ کریم رب عرش عظیم سے سوال کرتا ہوں کہ وہ میری میرے والدین اور جمیع مسلمین کی مغفرت کر دے۔ وہ اس کتاب کو قبولیت کا شرف عطا فرمائے یہ کہ یہ کتاب کسی جاہل فاسق کا فریا منافق کے ہاتھ میں نہ آئے۔ وہ اپنے فضل وکرم سے اسے ملاوٹ کرنے والوں اور دھوکا وفریب کرنے والوں سے محفوظ رکھے اور اس کے ساتھ ہر خاص شخص کو فائدہ دے جو قلب سلیم کے ساتھ عمل کرنے کے لئے پائے جس عمل سے اللہ رحمٰن الرحیم راضی ہو آمین

﴿الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علی سیدنا محمد النبی الامی وعلی آلہ وصحبہ وسلم تسلیما کثیرا﴾

تمہیں معلوم ہو اے اس کتاب پر واقف ہونے والے اللہ تعالیٰ مجھے اور تجھے اُس بات کے لئے ہدایت دے جس سے وہ خوش اور راضی ہو۔

بے شک تیرا رب تاک میں ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے لئے بڑا غیور ہے اور جس نے اپنی دعوت کے ساتھ قتل کیا گویا اُس نے تلوار کے ساتھ قتل کیا اور جس نے اسرار کی توہین کی جبار اُس کا مواخذہ کرے گا اور جس نے تقویٰ اختیار کیا وہ اپنے تمام امور میں کامیاب ہوگا۔ اسی میں کفایت سمجھیں اور عقلمند اشارے سے سمجھتا ہے۔ وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم!

"کتاب "الجواهر اللماعته" ختم ہوگئی

اور اس کے بعد

"الفائح فی قضاء الحوائج"

آ رہی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

النتائج فی قضاء حوائج

شیخ امام العالم علامہ الحبر الفہامہ استاد محقق حکیم مدقق عبدالحق بن سبعین نے کہا۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمت کے ساتھ ڈھانپ لے اور ہمیں اُن کے علوم سے نفع دے۔ آمین!

تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے انسان کو پیدا کیا اور اُسے بیان کی تعلیم دی۔ یقین کی طرف ہدایت دی اور تمام حیوانوں پر عقل ونطق کے ساتھ اُسے شرف عطا کیا۔ اُس کے لئے دلالت کو واضح کیا تاکہ وہ کائنات کے علوم میں مشکلات کے حل کے لئے اُس سے روشنی حاصل کرے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کے لئے ملائکہ کواکب اور جن مسخر کر دیئے۔ اُس کی ذات پاک ہے وہ واحد منان ہے۔ ہم اُس کی تعریف کرتے ہیں اور اس پر اُس کا فضل اور احسان ہے۔ ہم سیدنا محمد ﷺ کی ذات پاک پر درود وسلام بھیجتے ہیں اُن کی آل اُن کے اصحاب اور اُن کے تابعین پر بھی سلام ہو۔

اے طالب تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ حروف کلام کی چابیاں' نظام کے مدارک اور اسرار کے خزانے ہیں۔ لفظ کے ساتھ بولنے کا وجود پورے حرف کے بغیر ناممکن ہے۔ کلام حروف سے مرکب ہے۔ حروف الف سے مرکب ہیں۔ الف نقطہ سے مرکب ہے اور نقطہ قلم ہے مرکب ہے اور قلم اللہ باری تعالیٰ کا راز ہے اُس کی ذات بزرگ اور بلند ہے۔ اُس نے کہا ہو جا پس ساری کائنات تخلیق ہوگئی۔ اُس کی ذات پاک ہے۔ وہ اکوان کا مدبر ہے وہ اس بات کا علم رکھتا ہے جو کچھ ہو گیا اور جو کچھ ہوگا۔ حروف تمام لغات (زبانوں) پر دائرے کی طرح ہیں۔ اُس کی اشکال بہت زیادہ ہیں اُن کے اعداد ثابت ہیں۔ جو زبانوں کے اختلاف کے ساتھ بدلتے نہیں ہیں۔ اُن کی اشکال میں نفع دینے والے علوم ہیں اور اُن کے اعداد میں فیصلہ کن اسرار [illegible] حروف [illegible] بروج فلکیہ کواکب وایام پر دائرے کی صورت میں ہیں۔ اُن کا علم بلند اور اُن کو [illegible] سے بھر پور ہے [illegible] جس نے بغیر علم

اس میں دخل دیا وہ ضائع ہی کرے گا۔ اللہ کی ذات پاک ہے وہ لطیف' خبیر' سمیع' بصیر ہے اور یہ اُن اسرار کا راز ہے جس کی تعلیم اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو دی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ كُلَّهَا﴾

مفسرین نے کہا کہ اُن سے مراد حروف ہیں اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ الَّذِىْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ﴾

یہ چار طبائع پر مرکب ہیں اور عناصر بھی چار ہیں جیسے آپ ان شاء اللہ انہیں ہماری اس کتاب میں دیکھیں گے۔

تمہیں علم ہو کہ حروف کا علم بہت بڑا علم ہے۔ اس کو جاننے اور پہچاننے والے کم ہیں۔ ہم نے اپنی کتاب میں اس بارے میں کافی حصہ رکھا ہے۔ اُسے عقلمند اور خبردار آدمی ہی سمجھے گا۔ اس کتاب کا نام ہم نے ''النتائج فی قضاء الحوائج'' رکھا ہے۔ ہم اسے شروع کرتے ہیں اللہ تعالیٰ حسن قبولیت عطا کرنے والا ہے۔

فصل: حروف کے بیان میں اور اعداد' منازل' بروج'

کواکب' ایام' عناصر اور طبائع کے حروف

حروف اٹھائیس ہیں اور وہ یہ ہیں۔ (ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ) اُس کے اعداد اس چارٹ میں ہیں جیسے آپ دیکھ رہے ہیں:

ا ۱	ب ۲	ج ۳	د ۴	ہ ۵	و ۶	ز ۷
ح ۸	ط ۹	ی ۱۰	ک ۲۰	ل ۳۰	م ۴۰	ن ۵۰
س ۶۰	ع ۷۰	ف ۸۰	ص ۹۰	ق ۱۰۰	ر ۲۰۰	ش ۳۰۰
ت ۴۰۰	ث ۵۰۰	خ ۶۰۰	ذ ۷۰۰	ض [illegible]	ظ [illegible]	غ ۱۰۰۰

اور جہاں تک اُن کی منازل کا تعلق ہے تو حرف (الف) کے لئے شرطین' (باء) کے لئے بطین' (جیم) کے لئے ثریا' (دال) کے لئے دبران' (ہاء) کے لئے ہقعہ' (واؤ) کے لئے ہنعہ' (زاء) کے لئے ذراع' (حاء) کے لئے نثرہ' (طاء) کے لئے طرفۃ' (یاء) کے لئے جبھۃ' (کاف) کے لئے زبرہ' (لام) کے لئے صرفہ' (میم) کے لئے عواء' (نون) کے لئے السماک' (سین) کے لئے غفر' (عین) کے لئے زبانا' (فاء) کے لئے اکلیل' (صاد) کے لئے قلب' (قاف) کے لئے شولہ (راء) کے لئے نعائم' (شین) کے لئے بلدۃ' (تاء) کے لئے سعد ذابح' (ثاء) کے لئے سعد بلع' (خاء) کے لئے سعد السعود' (ذال) کے لئے سعد الاخبیہ' (ضاد) کے لئے الفرع' المقدم' (ظاء) کے لئے الفرع المؤخر اور (غین) کے لئے رشا ہے۔

بروج فعلی آپ اس چارٹ میں دیکھیں گے:

حروف	ا ہ ط	ب و ی	ج ز ک	د ح ل	ط م ف	ی ن ص
ان کے بروج	حمل	ثور	جوزاء	سرطان	اسد	سنبلة
حروف	ک س ق	ل ع ر	ف ش ذ	ض ت ص	ق ث ظ	ز خ
ان کے بروج	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت

کواکب اور ایام فعلی آپ اس چارٹ میں دیکھیں گے:

حروف	اُن کے کواکب	اُن کے دن	ایام اردو
ا ہ ط	مریخ	الثلاثاء	منگل
ط م ف	شمس	الاحد	اتوار
ف ش ذ	مشتری	الخمیس	جمعرات
ب و ی	[illegible]	الجمعة	جمعہ
ی ن ص	عطارد	الاربعاء	بدھ

ص ت ض	زحل	السبت	ہفتہ
ج ز ــ	عطارد	الاربعاء	بدھ
ک س ق	زهرة	الجمعة	جمعہ
ق ث ظ	زحل	السبت	ہفتہ
د ح ل	قمر	الاثنین	سوموار
ل ع ر	مریخ	الثلاثاء	منگل
د خ غ	مشتری	الخمیس	جمعرات

اُن کے عناصر اور طبائع وضاحت کے ساتھ آپ اس چارٹ میں دیکھیں گے:

عنصر	آتشی	بادی	آبی	خاکی
طبیعت	گرم	تر	خشک	سرد
	ا	ب	ج	د
	ہ	و	ز	ح
	ط	ی	ک	ل
	م	ن	س	ع
	ف	ص	ق	ر
	ش	ت	ث	خ
	ذ	ض	ظ	غ

فصل: طالب اور مطلوب دونوں کے ناموں کے ساتھ عمل کی کیفیت

سب سے پہلے ہم طالب اور مطلوب کے طالع کی پہچان کریں گے۔ وہ یہ ہے کہ آپ تمام اسم کے عدد کا حساب کریں جس کا بیان پہلے آچکا ہے اور اُس سے ۱۲-۱۲ ساقط کریں جو باقی بچے وہی اسم کا طالع ہے۔ پھر آپ فلک مستقیم کے دائرے میں دونوں طالع (طالعین) داخل کریں۔ دونوں طالعین کے حروف لیں اور انہیں ایک سطر میں ملائیں۔ پھر دونوں سطروں کا امتزاج کریں اس طرح کہ دونوں ایک سطر میں ہو جائیں۔ اس کی حفاظت کریں اور دیکھیں پھر اس سطر کو مصادقہ کے میزان میں حرف بعد حرف آخر تک وزن کریں تو یہ ایک سطر بچ جائے گی۔ اُسے دیکھو۔ اس سطر کا نام موزون رکھا گیا ہے۔ پھر آپ اس سطر موزوں کے عدد لیں۔ اُس کے بڑے و بلند کو لیں اور اُس کا بغور معائنہ کریں۔ اُس سے اُس کے روحانی ملک کا استخراج کریں پھر آپ دونوں طالع کے حروف کو حروف [illegible] روحانی دائرے میں داخل کریں۔ املاک کے ناموں کے ہر حرف کو لے لیں۔ پھر دونوں طالعین کو بروج کے روحانی دائرے میں داخل کریں اور روحانی املاک (موکل) کے ناموں کے تمام طالع لیں۔ پھر طالعین کے حروف کے منازل کو منازل کے روحانی دائرے میں داخل کریں اور املاک کے ناموں کی ہر منزل لیں۔ پھر طالعین کے کواکب کو کواکب و ایام کے روحانی دائرے میں داخل کریں اور روحانی ملک کے نام سے ہر کوکب و یوم نکالیں تو اس طرح آپ کے پاس روحانی املاک کے ناموں میں سے ۱۸ ہو جائیں گے۔ پھر آپ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اٹھارہ (۱۸) نام ایسے لیں کہ ہر نام اُس حرف سے شروع ہو جس سے ملک روحانی کا نام شروع ہوتا ہے۔ پھر آپ جمل کبیر کے ساتھ سطر موزون کے حروف کے عدد لیں۔ اس کا عددی مرکب کے بسط کے طریقے پر بسط حرفی [illegible] اُس سے ملک کے نام کا معائنہ کریں۔ استنطاق (معائنے) کے حروف کا وزن کریں۔ اُن کی حفاظت کریں۔ پھر [illegible] کریں۔ اس میں دو سطور [illegible] ایک طالب کے نام اور

دوسری مطلوب کے نام کی داخل کریں۔ آپ طالب کی صورت کے سر پر ملک کا نام اور مطلوب کی صورت کے سر پر عدد لکھیں۔ پھر استعاق کے حروف میں سے موزوں حروف دونوں صورتوں کے سینوں پر لکھیں۔ پھر دائرے کی تمام اطراف پر سطر موزوں لکھیں۔ آپ کا عمل طالعین کے ایک سعد میں اور اس طالع کے کوکب کے دن میں ہو اُس پر آپ روحانی ملائکہ کے نام پڑھیں اور اُن پر اللہ تعالیٰ کے اسماء کی قسم ڈالیں۔ اس پر اُس کا تصرف کرو جو اس کے ساتھ طالع مخصوص ہو۔ پھر آپ بارہ کاغذوں پر سطر موزوں لکھیں۔ اُن کی بتیاں بنائیں اور ہر روز ایک بتی نئے چراغ میں تیل کے ساتھ جلائیں اُس پر روحانی ملائکہ کے نام پڑھیں اور اُن پر اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم ڈالیں انہیں طالع کے کوکب کے بخور کے ساتھ دھونی دیں۔ بے شک آپ کا عمل ہمیشہ کامیاب ہوگا۔

اُس کی مثال اس طرح ہے۔ ہم نے یوسف اور جعفر کے درمیان محبت کے عمل کا ارادہ کیا۔ تو ہم نے طالب یوسف کے نام کے حروف کے عدد ۱۵۶ لے لئے۔ اُن سے ہم نے ۱۲-۱۲ ساقط کئے ہمارے پاس باقی ۱۲ بچے تو اس کا طالع حوت ہے۔ پھر ہم نے مطلوب جعفر کے نام کے حروف کے عدد لئے وہ ۳۵۳ ہیں اُس سے ہم نے ۱۲-۱۲ ساقط کئے تو پانچ باقی بچے تو اُس کا طالع اسد ہے پھر ہم نے طالعین کو فلک مستقیم کے دائرے میں داخل کیا اور طالب کے طالع کے حروف لئے اور وہ ہیں (د ع غ) اُن کی منازل نعائم سعود اور رشا ہیں۔ پھر ہم نے مطلوب کے طالع کے حروف لئے وہ یہ ہیں (ط م ف) اُن کی منازل طرف عواء اور اکلیل ہیں۔ پھر ہم نے طالعین کے حروف کو ملایا تو اس طرح ہوئے (د ط ع م غ ف) ہم نے طالب اور مطلوب کے ناموں کے حروف کو ملایا وہ یہ ہیں۔ (ی ج و ع س ف ف ر)۔ پھر ہم نے طالعین کے حروف دونوں ناموں کے حروف کے ساتھ ملائے وہ اس طرح ہو گئے۔ (د ی ط ج غ و م ع غ س ف ف ر ط ر)۔ ہم نے اُن کا وزن میزان مصادقہ میں کیا وہ اس طرح ہو گئے۔ د ص ز ل، ط ک، ج ل، غ ت، و ح، م س، ع ل، غ ض، س م، ف ق، ف ق، ز ص، ف ق، ط ک، د ص، تو بتیس (۳۲) حروف ہو گئے۔ یہ سطر موزون ہے۔ پھر ہم

نے بڑے مجموعے کے ساتھ اُس کے حروف کے عدد لئے وہ (۴۶۴۶) ہوئے پھر ہم نے اس عدد کو اس طرح پھیلایا۔ س ت ہ ا ر ب ع ی ن س ت م ا ی ہ ا ر ب ع ۃ آ ل ا ف ۔ یہ چوبیس حروف ہیں کعب ۵۷۶ استعطاق اس سے هکشائیل روحانی ملک کا نام آیا۔ پھر ہم نے تینوں حروف کا میزان المعادق میں وزن کیا۔ تو اس طرح ہو گئے وح' ع ن' ث ش' ہم نے طالعین کے حروف' حروف کے روحانی دائرے میں داخل کئے اور روحانی ملک کے نام کے ہر حرف کو ہم نے لے لیا۔

تو یہ ہوئے عنائیل' عضائیل' مضغائیل' هیرائیل' ومخائیل' فشائیل' پھر ہم نے طالعین کے حروف کی منازل کو منازل کے روحانی دائرے میں داخل کیا تو وہ یہ ہوئے۔ ذکلائیل' بهدغائیل' هلدهائیل' اعحائیل' نزائیل' هطغائیل پھر ہم نے طالعین کے کواکب اور اُن کے ایام کو داخل کیا اور ملک روحانی کے تمام نام لئے وہ ہیں لقغائیل' ونائیل' وعقغائیل' زعغائیل یہ ملک روحانی کے اٹھارہ نام ہیں۔ ہم نے ملک روحانی کے اٹھارہ نام لئے۔ پھر ہم نے اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اٹھارہ (۱۸) نام لئے کہ ہر نام کا پہلا حرف مذکورہ املاک میں سے ہر پہلے حرف کے ساتھ ملتا ہو۔ وہ یہ ہیں علی. عظیم. مومن. هادی. ودود. نور. طاهر. هادی. زکی. ہو. هادی. الله. نور. هادی. لطیف. ودود. دائم. زکی۔ پھر ہم نے دائرہ کھینچا اور اُس کے محیط میں سطر موزون کے حروف لکھے۔ اُس میں طالب اور مطلوب کی صورت طالب کے سر پر ملک کا نام مطلوب کے سر پر عدد اور دونوں کے سینوں پر موزون استعطاق کے حروف لکھے۔

اس کی کتابت اتوار کے دن زرد رنگ کی کسی چیز پر ہو اور طالع اسد ہو۔ اُسے طالع کے کوکب کے بخور کے ساتھ دھونی دیں۔ اُس پر اسماء ۲۱ دفعہ پڑھیں اور اُسے آگ کے قریب دفن کر دیں پھر سطر موزون بارہ (۱۲) کاغذوں پر لکھیں۔ اُن کی بتیاں بنائیں ہر روز ایک بتی چراغ میں جلائیں اور بخور کی دھونی بھی ہو اُن پر روحانی اسماء ۱۲۰ دفعہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ کے اسماء کے ساتھ اُن پر قسم ڈالیں۔ آپ اس طرح کہیں

﴿اَجِیْبُوْا یَا اَیُّهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِیَّةُ الْمُشَعْشَعَةُ النُّوْرَانِیَّةُ الْمُسْتَخْرَجَةُ مِنَ الْحُرُوْفِ یَا عَنَائِیْلُ وَ یَا عَصَائِیْلُ وَ یَا مَضْغَائِیْلُ وَ یَا هِیْرَائِیْلُ وَ مَحَائِیْلُ وَ یَا نَشَائِیْلُ وَ یَا طَیْغَائِیْلُ وَ یَا هَمْتَائِیْلُ وَ یَا ذَکْذَائِیْلُ وَ بَعْدَغَائِیْلُ وَ یَا هَدْغَائِیْلُ وَ یَا اَغْمَائِیْلُ وَ یَا نَزَائِیْلُ وَ یَا هَطْغَائِیْلُ وَ یَا الْقَغَائِیْلُ وَ یَا وَلْغَائِیْلُ وَ یَا دَعْقَغَائِیْلُ وَ یَا زَعْغَائِیْلُ تَوَکَّلُوْا اُمْزُجُوْا الْمَحَبَّةَ بَیْنَ یُوْسُفَ وَ جَعْفَرَ بِحَقِّ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ الْمُؤْمِنِ الْهَادِیْ الْوَدُوْدِ النُّوْرِ الطَّاهِرِ الْهَادِیْ الزَّکِیِّ اَکْبَرِ الْهَادِیْ اللّٰهِ النُّوْرِ الْهَادِیْ اللَّطِیْفِ الْوَدُوْدِ الدَّائِمِ الزَّکِیِّ بِقَضَاءِ حَاجَتِیْ بَارَکَ اللّٰهُ فِیْکُمْ وَعَلَیْکُمْ﴾

<u>ترجمہ:</u> اے روحانی ارواح جواب دو۔ اے حروف سے نکلنے والے نورانی اے عنائیل اور عصائیل اے مضغائیل اے هیرائیل اے محائیل اے نشائیل اے طیغائیل اے همتائیل اے ذکذائیل اے بعدغائیل اور اے هدغائیل اے اغمائیل اے نزائیل اور اے هطغائیل اور اے قغائیل اور اے ولغائیل اور اے دعقغائیل اور اے زعغائیل تم متوکل ہو اور علی' عظیم' مومن' هادی' ودود' نور' طاہر' هادی' زکی' بر' هادی' اللہ' نور' هادی' لطیف' ودود' دائم' زکی' کے حق میں یوسف اور جعفر کے درمیان محبت ملاؤ۔ میری حاجت پوری کرو۔

اللہ تعالیٰ آپ کے معاملے میں برکت عطا کرے آنے والے صفحے پر دائرے کی شکل ہے۔

آپ کو معلوم ہو کہ اس بارے میں مختصر ذکر کیا گیا ہے۔ اس کے بعد مکمل وضاحت ہو گی۔

فصل: تمام اسماء کے ساتھ عملیات

جب آپ نے کسی عمل کا انتخاب کیا تو آپ طالب اور مطلوب کے نام لیں ان دونوں کے نتائج ہر نام کی حدت پر لیں۔ پھر بڑے مجموعے کے ساتھ دونوں کا حساب کریں اس سے ۱۲-۱۲ ساقط کریں۔ باقی کو بروج پر چلائیں جس حیثیت سے آخری نتیجہ آئے تو وہی مسئلے کا طالع فلک مستقیم کے دائرے سے نقل کریں اور اس سے مخصوص حروف و منازل لیں۔ یہ تین حروف اور تین منازل ہیں۔ پھر طالع کو کہیں۔ اس کے دن کا نام طالع کے عنصر کا نام اور

طالع کا نام لیں۔ پھر ہر ایک کی عدت پر تمام نتائج نکالیں۔ نتیجہ کے طور پر آپ کے پاس بارہ (۱۲) ہو جائیں گے اور یہ تمام اعمال میں مفید ہے۔ فلک بروج کے عدد پر ۱۲ اسماء کی گنتی ہو۔ یہ نادر اسرار میں سے ہے۔ پھر نتائج کے حروف کا قصد کریں۔ تمام عدد کو جمع کریں۔ عدد حروف کے طور پر معائنہ کریں۔ آپ کے پاس نتیجے کے طور پر بارہ (۱۲) ہوں گے۔ پھر میزان المصادقہ پر اُس کے حروف کا وزن کریں اگر آپ کا عمل خیر کے لئے ہے اور اس کے برعکس کریں اگر عمل شر کے لئے ہے۔ آپ کو معلوم ہو کہ وزن بڑا اعلم ہے۔

الطلب میں اُس کا حکم ہے۔ پھر نتائج کے حروف کا وزن کریں جیسے آپ نے نتائج المتائج کے حروف کا وزن کیا۔ پھر دائرہ بنائیں۔ اُس میں طالب اور مطلوب دونوں کے لئے دو صورتیں بنائیں۔ طالب کے سر پر ملک کا نام اور مطلوب کے سر پر عدد لکھیں۔ پھر ان دونوں کے سینوں پر استحقاق کے نتائج سے موزونہ حروف لکھیں۔ یہ عمل طالع کے وقت اور اس کے کوکب کے دن میں ہو۔ پھر طالع کے بخور کے ساتھ دن کا اطلاق ہو۔ اُس پر روحانی فرشتوں کے نام پڑھیں اور طالع کے تقاضوں پر اُس کی تعریف کریں۔ روحانی املاک کے اسماء کی پہچان بارہ نتائج سے ہوگی۔ جب آپ ہر نتیجے سے ۱۵ کم کریں۔ باقی حروف کا معائنہ کریں۔ اُن کے آخر میں ائیل کا اضافہ کریں تو وہ روحانی ملک کا نام ہو جائے گا۔ اس طریقے کے ساتھ روحانی ملائکہ کے اسماء میں سے بارہ (۱۲) نام نکالیں اور اگر آپ اعوان کا ارادہ کرتے ہیں تو طالع کو بروج وعناصر کے روحانی ملائکہ کے اسماء کے دائرے میں داخل کریں اور وہ لیں جو روحانی ملک کے نام سے اس طالع کے لئے مخصوص ہے۔ تو اُس میں روحانی ملک کے نام سے خاص برج ہے پھر حرف کے روحانی دائرے میں آپ خاص حرف اُس کی جگہ سے لیں پھر آپ طالب اور مطلوب کی روحانیت کا استخراج کریں۔ جس طرح آپ کے لئے حروف کے وزن کی تمام معرفت کا ذکر کیا گیا ہے۔

اسماء وحروف کے نتائج کے استخراج کی کیفیت:

اس کی مثال حرف کا نصب ہے۔ (الف الف) اس (ا) کی قیمت کا عدد ۱۳۲ ہے۔ عددی ۱

طور پر اُس کا حروف بسطی اس طرح ہوا (ا ح د، ث ل ا ث ی ن، ع ش ر ی ن، ا ح د، ث م ا ن ی ن) یہ ۲۲ حروف ہیں۔ اُسی مثل ہم نے اُنہیں ضرب دی۔ مجموعہ ۵۲۹ ہو گیا۔ اس پر ہم نے اسم کے حروف کے عدد بڑھائے تو ۶۶۱ ہو گئے تو یہ حرف کاف کے نتیجے کا عدد ہے تو اس مثال پر نتائج کا استخراج ہوگا۔

مثال: ہم نے احمد اور جعفر کے درمیان محبت کے عمل کا ارادہ کیا۔ احمد کے نام کے حروف کا عدد ۵۳ اور جعفر کے نام کے حروف کا عدد ۳۵۳ ہے۔ اُن دونوں کا مجموعہ ۴۰۶ ہے اُس سے ہم نے ۱۲-۱۲ ساقط کیے تو ۱۰ از یادہ ہوئے۔ تو ہمیں جدی کے عمل کا طالع معلوم ہوا۔ ہم نے اسے فلک مستقیم کے دائرے میں داخل کیا اور اُس سے خاص حروف لئے۔ وہ (ص ت ض) ہیں اور جو اُن کی خاص منازل قلب و ذانج و مقدم ہیں۔ پھر ہم نے طالع کو نتائج کے چارٹ میں داخل کیا اور اُس کے نتیجے سے طالع کا نتیجہ لیا۔ یہ ۵۳۲ ہے اور اُس کے نتیجے سے طالع کے کوکب کا نتیجہ لیا۔ یہ ۶۵۵ ہے پھر اُس کے نتیجے سے کوکب کے دن کا نتیجہ لیا یہ (۱۱۱۸) ہے۔ پھر ہم نے اُس کے سامنے ہر حرف کے لئے تین حروف کے نتائج لئے جو یہ ہیں: ۵۶۷-۴۹۳-۱۳۱۲۔

پھر ہم نے اُس کے نیچے سے عنصر کا نتیجہ لیا یہ ۱۵۳۴ ہے۔ طالب کے نام کا نتیجہ ۴۵۳ اور مطلوب کے نام کا نتیجہ ۸۳۷ ہے۔ ہم نے نتائج کے حروف جمع کیے تو ۲۹ ہوئے۔ نام بارہ اور نتائج کا مجموعہ (۹۸۰۴) ہوئے۔ اس کے ساتھ طغطغد ملک نے نطق کیا جس کا موکل جنتہ بجانئیل ہے۔ وہ پانچ حروف ہیں۔ حرف جیم کا وزن پانی سے مرتب ہے جو حرف ا کا ممازج ہے۔ حرف نون حرف ع سے ملتا ہے۔ حرف ذال حرف ط کا ممازج ہے۔ حرف یا حرف د سے ملتا ہے۔ حرف عین حرف ظ کا ممازج ہے۔ تو یہ دس حروف ہیں۔ جا، فغ، ذ ظ، بد، غنظ، اس میں ہوائیہ (بادی) سے جیم مراتب کے حروف ہیں۔ الف آتشی ہا، خاکی دال آبی ہے۔ تو چاروں عناصر اکٹھے ہو گئے تو ہوا کے عنصر کا غلبہ ہو گیا کیونکہ وہ تحقیق کے مطابق سب سے زیادہ قوی ہے۔ پھر ہم

ہم نے آگے والے بعض چارٹوں کو مؤلف کے دعوے کے مخالف پایا ہے۔ شاید مؤلف نے اس راز کو غیر مستحق لوگوں سے چھپانے کے لئے ایسا کیا ہے۔

نے نتائج کے حروف لئے یہ ۲۹ حروف ہیں ہم نے اُن کا وزن کیا جس طرح ہم نے استطاق کے حروف اور نتائج کے مجموعے کا وزن کیا۔ یہ اُن کی ترکیب کی صفت ہے۔ ج' ا' ن' ع' ت' خ' ز' ح' ل' ی' ض' غ' د' ب' ل' ی' ث' ش' غ' ض' ب' ذ' ل' ی' ث' س' ح' ز' ن' ع' خ' ت' ح' ذ' ی' ل' ق' ف' غ' ض' ز' ح' س' م' ث' ش' ج' ا' ص' ر' ذ' ظ' ب' ذ' ی' ل' ت' خ' غ' ض' ظ' ذ' س' م' ت' خ' ا' ج' ن' ع' ض' غ' ج' ا' ف' ق' ث' ش۔ یہ اٹھتر (۷۸) حروف ہیں۔

اس عمل کے لئے تصریف:

ایک کاغذ لیں اُس پر دائرہ کھینچیں۔ اس کے اندر طالب کی صورت' اُس کے سر پر ملک کا نام جنذ بغائیل اور مطلوب کی صورت بنائیں اور مطلوب کے سر پر عدد لکھیں وہ ۹۸۰۲ ہے۔ پھر اُن دونوں کے سینوں پر نتائج کے مجموعے سے موزونہ دس حروف اور اُن کے اردگرد نتائج کے ۷۸ حروف لکھو یہ مسئلہ کے طالع کے وقت اُس کے کوکب کے دن میں ہو اور کواکب کے بخور کے ساتھ لوبان کا اطلاق ہو۔ اس پر بارہ (۱۲) روحانی ملائکہ کے نام ۷۸ دفعہ پڑھو۔ پھر اُسے ہوا میں معلق کر دو۔ بارہ (۱۲) روحانی ملائکہ کے اسماء کی تلاوت کی کیفیت یہ ہے کہ تم کہو:

﴿أَجِيْبُوا وَتَوَكَّلُوا أَيُّهَا الْأَرْوَاحُ الرُّوحَانِيَةُ فُلَانٌ و فُلَانٌ و تَذْكُرُ أَسْمَاءَ هُمْ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ أَنْ تُلْقُوا الْمَحَبَّةَ وَالْمَوَدَّةَ وَالْعَطْفَ بَيْنَ أَحْمَدَ وَجَعْفَرٍ﴾

ترجمہ: "اے فلاں فلاں روحانی ارواح تم بات مانو اور کامیابی کے لئے ذمہ دار بنو (تم اُن کے نام لو) میں نے تم پر رب العالمین کے واسطے سے قسم ڈالی کہ تم احمد اور جعفر کے درمیان محبت مودت اور پیار ڈالو" اسی مثال پر آپ کا عمل ہو اور جو چیز آپ تک پہنچی ہے اُس کی قدر پہچانیں۔

فصل: ہم اُس میں اور قریبی طریقے کا ذکر کرتے ہیں

جب آپ اس کے ساتھ عمل کا ارادہ کریں تو طالب' مطلوب طالع کے نام' اُس کے کوکب' اُس کے دن تیسری ساعت اور طالع کے عنصر کے نام لیں اور ہر ایک کی حدت پر اُس کے مظاہر نکالیں تو آپ کے پاس سات مظاہر نکلیں گے۔ اُن کی حفاظت کریں پھر مختار اعمال پر اُن کے حروف کا وزن کریں۔ موزونہ حروف کو محفوظ رکھیں۔ پھر ہر مظہر کی آخر میں ائیل زیادہ کریں۔ آپ کے پاس ملک روحانی کا نام ہوگا۔ پھر اس سے مخصوص طالع پر سطر موزون لکھیں۔ کتابت اُس طالع' اُس کے کوکب کے دن اور طالع کی ساعت میں ہو۔ اپنے عمل کے ساتھ خوشبودار بخور کی دھونی دے۔ اس پر روحانی ملائکہ کے نام ۲۸ دفعہ پڑھو اور طالب کی طبع کے تقاضے پر اپنے عمل کی تعریف کرو۔ اُس کی مثال اس طرح ہے۔ ہم نے احمد اور علی کے درمیان محبت کے عمل کا ارادہ کیا۔ اسم احمد کا مظہر حرف (ت) کے ساتھ ۴۰۰ ہے۔ اسم علی کا مظہر ہ ک ر حروف کے ساتھ ۲۲۵ ہے۔ طالع کے اسم کا مظہر وہی میزان ا س ظ حروف کے ساتھ ۹۶۱ ہے اُس کے کوکب کے نام کا مظہر (جو زہرہ ہے) (ط ک ذ) حروف کے ساتھ ۷۲۹ ہے۔ کوکب کے دن (وہ جمعہ ہے) کے نام کا مظہر (ا م ض) حروف کے ساتھ ۸۴۱ ہے۔ تیسری ساعت (اور یہ قمر ہے) کے نام کا مظہر (د ف ت) حروف کے ساتھ ۴۸۴ ہے۔ ہوا کے عنصر کا مظہر (د ن ر) حروف کے ساتھ ۲۵۶ ہے۔ پس یہ سات مظاہر ہیں۔ اُن کے حروف کو ہم نے اس طرح جمع کیا۔ (ت ہ ک ر ا س ظ ط ک ذ ا م ض د ف ت د ن ر)۔ یہ انیس حروف ہوئے۔ ہم نے اُس سے روحانی ملائکہ کے اسماء نکالے۔ وہ اس طرح ہیں۔ طُمشَائِیلُ' دَعقَائیلَ' یطائیلَ' جَمعَلَائِیلُ' طَذَائِیلَ' جَلَتَائِیلَ' هَرَائِیلُ' پھر ہم نے اُن کے حروف کا وزن میزان المصادقہ میں کیا وہ اس طرح ہیں: بخ' هز' کطه' رض' اج' سم' طذ' طک' کط' ذ ظ' اج مر' ضغ' دب' فق' نخ' رخ' بح' [illegible] ازمیس (۲۸) [illegible]

اس عمل میں تعریف

آپ جمعہ کے دن تیسری ساعت میں چاندی کے ورق پر موزونہ حروف نقش کریں اور طالع میزان ہو۔ اُسے اچھی خوشبو کے ساتھ دھونی دیں۔ اس پر ملائکہ کے نام ۳۸ دفعہ پڑھیں۔ پھر اُسے ہوا میں معلق کریں۔ یہ قریبی طریقہ ہے۔ اُس کا عجیب راز ہے۔

فصل: حروف کی ذوات کے ساتھ تعریف

آپ کو معلوم ہو کہ حروف اٹھائیس ہیں جو انسان کی شکل پر سر سے دونوں پاؤں تک اس طرح لکھے ہوئے ہیں۔

اب ہم آپ کے لئے اُن کی بعض خصوصیات کی وضاحت کرتے ہیں۔ جب آپ اس صورت کے ساتھ عمل کا ارادہ کریں تو اُسے ٹھیکری پر نقش کریں۔ اُس کی پشت پر طالب اور مطلوب کے نام لکھیں پھر اچھی خوشبو کے ساتھ اُسے دھونی دیں۔ اس پر اٹھائیس حروف کے روحانی ملائکہ کے نام پڑھیں۔ آپ کا عمل نحوستوں سے خالی طالع میں ہو۔ پھر اپنے عمل کی تعریف اُس پر کریں جس پر طالب اور مطلوب کی طبیعت تقاضی کرے بے شک مطلوب حاضر ہو جائے گا اور طالب سے ایک ساعت صبر نہیں کر سکے گا۔

اور جب آپ کسی کو نقصان پہنچانے بیمار کرنے یا اُس کے جسم میں تکلیف پہنچانے کا ارادہ کریں تو موم کی لوح بنائیں اور مذکورہ صورت کے ساتھ اُس کی ایک طرف حروف لکھیں اور دوسری طرف بر مخالف اُس کی ماں کا نام اور وہ معاملہ لکھیں جو اُس کے ساتھ آپ چاہتے ہیں۔ پھر قمر کی اُس منزل کی تحقیق کریں جو آپ کے اُس وقت میں ہے۔ اُس کے حرف کی پہچان کریں کہ وہ صورت کی کس جگہ ہے۔ اس میں سوئی کیل یا کانٹا چبوئیں اور حقیت کے نجور کا اطلاق کریں۔ ملائکہ کے اسماء ایک دفعہ پڑھیں۔ پھر اس حرف کے ساتھ اس طرح کریں جو اُس کے بعد ہے۔ اسی طرح اُس حرف تک کریں جو منزل کے حرف سے پہلے ہے۔ بے شک دشمن بیمار ہو جائے گا اور آپ اُس کے جسم کی اُن کی جگہوں پر تکلیف و بیماری دیکھیں گے جہاں سوئی وغیرہ چبوئی گئی تھی لیکن یہ بات ہے کہ آپ اپنے عمل کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ سے ڈریں اور آپ کو علم ہو کہ وہ اپنے بندوں کے بارے میں بہت غیور ہے۔ جب دشمن مخالف اس کا مستحق نہ ہو اور یہ سب کچھ اُس کے جسم میں ہو جائے آپ ظلم سے بچیں کیونکہ اُس کا انجام بہت سخت ہے اور اللہ تعالیٰ ظالمین کو پسند نہیں کرتا۔

فصل: طاعت کے نقش کا ذکر

وہ یہ ہے کہ آپ اٹھائیس حروف کے پورے عدد لیں وہ ۵۹۹۵ ہے۔ پھر اُسے پہلا مرتبہ ... کا مظہر نکالیں۔ وہ ... ہے۔ پھر آپ چاروں مراتب کے حروف کے مظاہر لیں۔ وہ حرف جیم کا مظہر وہ ۲۵۶ ہے۔ حرف ... کا مظہر وہ ۲۲۵ ہے۔ حرف ... کا مظہر وہ ۱۴۴ اور

حرف دال کا مظہر ۱۹۶ ہے۔ پھر آپ پانچوں مظاہر کا مجموعہ لیں۔ وہ ۱۳۹۷ ہے۔ اُس سے
ابیل کے عدد ۵۱ کو ساقط کریں اور باقی لیں۔ پھر حروف کا معائنہ کریں۔ وہ یہ ہیں دم ش غ۔
پھر اُس میں ابیل جمع کریں۔ وہ روحانی ملک کا نام ہو جائے گا اور وہ دمشغابیل ہے۔ پھر آپ
پانچ مظاہر کے حروف لیں اور اُن کا میزان الحمازجہ میں وزن کریں اور یہ اُن کا بیان ہے۔
جیسے آپ دیکھتے ہیں۔ وح' عن' تش' وح' نغ' دھں' وح' صغ' قف' دب' مس' قلف' ھذا'
کط' دص یہ تیس حروف ہیں۔ جو شخص چاندی کا نقش بنائے اُس کی پشت پر اصلی عدد نقش کرے
وہ ۵۹۹۵ ہے اور جمعہ کے دن اُس کی ظاہر طرف پر موزونہ حروف نقش کرے اور طالع ثور ہو۔
پھر اُسے مشک اور عنبر کے ساتھ دھونی دے اُس پر مذکورہ عدد کے ساتھ روحانی اسم کی تلاوت
کرے اور اُسی کے ساتھ ختم کرے۔ نزدیک و دور سب اُس کی اطاعت کریں گے۔ جو شخص کسی
طالع کسی دن اصلی عدد کو نگینے یا انگوٹھی پر منقش کرے اچھی خوشبو کے ساتھ اُسے دھونی دے وہ
اپنے آپ کو تمام موذی آفات و تکالیف سے محفوظ کرے گا۔

فصل: عرش مستقیم کے دائرے کے ساتھ تعریف

جو شخص اُسے کسی چیز پر کسی کوکب کے شرف یا کسی طالع میں لکھے تو وہ دشمنوں پر فتح'
عزت' ہیبت' مرتبہ' طاعت' بادشاہوں وسلاطین کے پاس جاتے پر' حاجتوں کے پورے ہونے
اور وسعت رزق کے عجیب (کمالات) دیکھے گا۔ اگر اُسے کمزور آدمی اپنے پاس رکھے تو ہر چیز
سے محفوظ ہو جائے۔ اُسے رکھنے والے کو کوئی خطرہ کوئی اذیت و تکلیف نہ پہنچے گی۔ وہ اپنی ذات'
مال' گھر اور اولاد میں برکت دیکھے اور پائے گا بر و بحر میں اُس کی ذات محفوظ ہوگی۔ اُسے کوئی
ڈاکو' چور' وحشی جانور اور زخم دینے والا اُسے کوئی تکلیف نہیں پہنچا سکے گا۔ ہر اچھی خوشبو کے ساتھ
اُس کا بخور رہو اور آنے والے صفحے پر اُس کی صورت ہے۔

جدول الطبائع والعناصر

طبائع	حار يابس	بارد يابس	حار رطب	بارد رطب
شكل	مرفوع	مجزوم	منصوب	مخفوض
عناصر	نارية	ترابية	هوائية	مائية
مراتب	ا	ب	ج	د
درج	ه	و	ز	ح
دقائق	ط	ى	ك	ل
ثوانى	م	ن	س	ع
ثوالث	ف	ص	ق	ر
روابع	ش	ت	ث	خ
خوامس	ذ	ض	ظ	غ

جدول الوزن

ميزان أحرف [illegible]

نارية								مائية							
ا	ه	ط	م	ف	ش	ذ		ج	ز	ك	س	ق	ث	ظ	
هوائية								**ترابية**							
د	ح	ل	ع	ر	خ	غ		ب	و	ي	ن	ص	ت	ض	

ميزان الأحرف المتضادة

نارية								هوائية							
ا	ه	ط	م	ف	ش	ذ		د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	
مائية								**ترابية**							
ج	ز	ك	س	ق	ث	ظ		ب	و	ي	ن	ص	ت	ض	

جداول المثلثات الأربع

جدول المثلثة النارية

النتائج	الحروف	الحمل	الأسد	القوس	المنازل	النتائج
٦٧١	ا	٧٣٤	٤٩٦	٥٥٨	شرطين	١١٥٨
٢٦٢	ه	المريخ	الشمس	المشترى	هقعه	١٧٥٦
٣٦٦	ط	١٧٨١	١١٥٧	٢٥٨١	طرفة	٧٢٩
٤٩٧	م	الثلاثاء	الأحد	الخميس	عوا	٨٢٢
٤٥١	ف	٢١٥٢	٥٢٨	١٥٢٥	إكليل	٢١٤٧
٦٩٧١	ش		العنصر		بلدة	١١٥١
١٤١٢	ذ		٧٦٦		اخبية	١١٦٣

جدول المثلثة الترابية

النتائج	الحروف	الثور	السنبلة	الجدى	المنازل	النتائج
٢٩٥	ب	١٣١٣	١١٣٩	٥٣٢	بطين	١١٥٨
٣٣٠	و	الزهرة	عطارد	زحل	هنعة	١٧٥٦
٢٦٧	ى	٩٢٤	١٢٧٦	٦٥٥	جبهة	٧٢٩
٥٧٨	ن	الجمعة	الاربعاء	السبت	سماك	١١٤٧
٥٦٧	ص	٩٣٣	١٢٥٥	١١١٨	قلب	٤٦٩
٧٩٣	ت		العنصر		ذابح	٨٥١
١٤١٢	ض		١٥٣٤		مقدم	٥٨٣

جدول المثلثة الهوائية

النتائج	الحروف	الجوزاء	الميزان	الدالى	المنازل	النتائج
٦١٣	ج	٥٧٧	١٠٣٩	٧٠١	ثريا	١٣١٢
٤١٠	ز	عطارد	الزهرة	زحل	ذراع	٨٣٦
٦١٦	ك	١٢٧٦	٩٢٤	١٦٠٥	نثرة	٨٣٧
٥٩٢	س	الاربعاء	الجمعة	السبت	غفر	١٨٢٨
٦٥٣	ق	١٢٠٥	٩٣٣	١١١٨	شولة	٨٤٠
٨٥٦	ث		العنصر		بلع	٦٦٢
١٢٥٦	ظ		٤١٣		مؤخر	٧٩٦

جدول المثلثة المائية

النتائج	الحروف	السرطان	العقرب	الحوت	المنازل	النتائج
٥٠٧	د	١٢٥١	١١٨٧	١٠٧٠	دبران	١٨٤٣
٣٢٩	ح	القمر	المريخ	المشترى	جبهة	١٦٨٦
٥٨٦	ل	٩٤٧	١٧٨١	٢٥٨١	صرفة	٨٧٦
٥٤٥	ع	الاثنين	الثلاثاء	الخميس	زبانا	١٠٢٢
٥٢١	ر	١٦٦٦	١٢٥٢	١٥٢٥	نعائم	١٥٤٩
٩٢١	خ		العنصر		سعود	١٥٦
١٤٩١	غ		١٤١٨		رشا	١٧١٨

دائرۃ الأصل

دائرة الفلك المستقيم

عملیات وتعویزات کی شہکار کتب